
# حوثی پیش قدمی کے بعد چین اور ایران میں اہم سفارتی رابطہ

## بڑھتی کشیدگی کے دوران سعودی عرب نے فوجی مدد اور متبادل برآمداتی راستوں کی تلاش شروع کردی





ایران نواز حوثیوں کی حالیہ تیز رفتار فوجی پیش قدمی کے بعد سعودی عرب نے چین سے مدد طلب کی ہے۔ ایرانی ذرائع کے مطابق بیجنگ نے تہران سے نجی سطح پر کہا ہے کہ وہ یمن میں حوثیوں کے اقدامات کو محدود کرنے میں کردار ادا کرے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بحیرۂ احمر کے ساحلی علاقوں اور آبنائے باب المندب کے اطراف حوثیوں کی پیش قدمی نے سعودی عرب کی تیل برآمدات اور بحری نقل وحمل کو زیادہ خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ اسی تناظر میں ریاض نے اپنے اہم تجارتی شراکت دار چین سے سفارتی تعاون کی درخواست کی ہے۔ یہ پیش رفت خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور عالمی توانائی و جہاز رانی کے راستوں کے تحفظ سے متعلق خدشات میں اضافے کے پس منظر میں سامنے آئی ہے۔ چین نے عوامی سطح پر تحمل، مذاکرات اور محفوظ بحری آمدورفت کی بحالی پر زور دیا ہے، تاہم ذرائع کے مطابق تہران کو دیا گیا اس کا نجی پیغام سرکاری بیانات سے کہیں زیادہ واضح اور سخت تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بیجنگ چاہتا ہے کہ ایران حوثیوں پر اپنا اثر ورسوخ استعمال کرے تاکہ توانائی کی ان اہم بحری گزرگاہوں میں کشیدگی کو مزید پھیلنے سے روکا جاسکے، جن پر دنیا کی دوسری بڑی معیشت چین کا نمایاں انحصار ہے۔ ان مذاکرات سے آگاہ ذرائع، جنہوں نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بات کی، نے یہ نہیں بتایا کہ یہ پیغام تہران تک کس ذریعے سے پہنچایا گیا۔ یہ بھی واضح نہیں کہ آیا یہ معاملہ بدھ کے روز ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے دورۂ چین کے دوران اٹھایا گیا تھا یا نہیں۔ ذرائع کے مطابق تہران کا مؤقف تھا کہ خطے میں استحکام اور امن کا انحصار ایران کے خلاف جاری امریکی۔اسرائیلی جنگ کے خاتمے پر ہے۔ تین ایرانی ذرائع نے بتایا کہ چینی حکام نے تہران کو کوئی کھلی دھمکی نہیں دی اور نہ ہی یہ اشارہ دیا کہ اگر ایران حوثیوں پر اپنا اثر ورسوخ استعمال نہ کرے تو بیجنگ اس پر اقتصادی دباؤ ڈالنے کی کوشش کرے گا۔ اس معاملے پر تبصرے کی درخواست کے جواب میں چینی وزارت خارجہ نے کہا، ''چین نہیں چاہتا کہ خطے میں جاری کشیدگی مزید پھیل کر یمن اور بحیرۂ احمر تک پہنچے۔ علاقائی عدم استحکام میں اضافہ کسی بھی فریق کے مفاد میں نہیں ہے۔'' اُدھر ایران کی وزارتِ خارجہ اور سعودی حکومت کے میڈیا دفتر نے اس خبر پر تبصرے کے لیے روئٹرز کی درخواستوں کا فوری طور پر کوئی جواب نہیں دیا۔

ایران کے حمایت یافتہ حوثی جنگجوؤں کے بڑھتے دباؤ کا سامنا کر رہے سعودی عرب نے فوجی مدد حاصل کرنے اور خام تیل کی برآمد کے لیے محفوظ متبادل راستہ تلاش کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں، تاہم فی الحال دونوں مسائل کا کوئی واضح حل سامنے نہیں آیا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب عراق میں ایران نواز ملیشیاؤں کے ایک حملے کے بعد سعودی عرب کی ایک اہم تیل پائپ لائن مبینہ طور پر کئی ہفتوں سے بند ہے۔ حوثی جنگجو سعودی عرب کے اندر بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ بحیرہ احمر میں اس کے جہاز رانی کے مفادات کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں، جہاں انہوں نے باب المندب آبنائے کے اطراف کئی جزائر پر قبضہ کرلیا ہے۔ ادھر ایران آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو مسلسل نشانہ بنا رہا ہے، جبکہ تیل کی قیمتیں 100 امریکی ڈالر فی بیرل سے اوپر برقرار ہیں۔ خطے کے ایک عہدیدار کے مطابق ریاض اس وقت ''انتہائی مشکل صورتحال'' میں ہے اور اسے نہ صرف اپنے فوجی اڈوں اور اہم سرکاری تنصیبات بلکہ تیل کی تنصیبات کے تحفظ کے لیے بھی اقدامات کرنا پڑ رہے ہیں۔ ایک دوسرے عہدیدار نے کہا کہ ریاض حوثیوں کے حملوں کے خلاف اجتماعی ردعمل کے لیے اپنے بین الاقوامی اتحادیوں کو متحد کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ تاہم فی الحال ''فیصلہ یہ ہے کہ سفارت کاری کو موقع دیا جائے''۔ عہدیدار نے مزید کہا کہ عمان اور مصر یمن میں کشیدگی کم کرنے کی کوششوں کی قیادت کررہے ہیں۔ واشنگٹن میں قائم تھنک ٹینک نیو امریکہ کے فیلو ایڈم بارون نے ٹائمز آف اسرائیل کے حوالے سے کہا، ''یہ محض حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان مسئلہ نہیں ہے۔'' انہوں نے کہا کہ معاملہ بین الاقوامی جہاز رانی کے وسیع تر راستوں اور نظام کو یقینی بنانے کے لیے کوئی طریقہ تلاش کرنے کا ہے۔ مذاکرات سے واقف 2 افراد، جن میں ایک حوثی عہدیدار بھی شامل ہے، کے مطابق عمان نے گزشتہ ہفتے کے آخر میں امریکی اور حوثی نمائندوں کے درمیان علاقائی کشیدگی پر بات چیت کے لیے ایک اجلاس کی میزبانی کی۔ دونوں افراد نے مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں اور نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بات کی۔ برطانوی وزیر اعظم کے ترجمان ٹام ویلز نے منگل کو کہا کہ لندن کے سعودی عرب کے ساتھ ''قریبی دفاعی شراکت داری'' ہے۔ انہوں نے یہ بتانے سے انکار کیا کہ آیا ریاض نے فوجی مدد طلب کی ہے یا اس وقت برطانوی فوجی سعودی عرب میں تعینات ہیں۔ وسیع تر فوجی مدد کا امکان میزائل انٹرسیپٹرز کی موجودہ قلت کے باعث بھی پیچیدہ ہے۔ امریکہ اور نیٹو کے عہدیدار اس سے قبل یورپ میں انٹرسیپٹر میزائلوں کی شدید قلت کا اعتراف کر چکے ہیں، جس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یورپی ممالک سعودی عرب کو کتنی اضافی فضائی دفاعی معاونت فراہم کر سکتے ہیں۔ ترکی کی حکومت کے ایک نامعلوم عہدیدار کے مطابق انقرہ علاقائی کشیدگی کم کرنے کی کوشش میں ایران اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے، تاہم انہوں نے مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ تازہ حملے ایسے وقت میں بھی ہوئے ہیں جب ترکی، سعودی عرب اور پاکستان نے حال ہی میں مکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے ہیں اور یہ معاہدہ اپنے پہلے بڑے ممکنہ امتحان سے گزر رہا ہے۔ تاہم اب تک ترکی اور پاکستان کے عہدیداروں نے کہا ہے کہ دونوں ممالک کو حوثیوں کے ساتھ بڑھتی کشیدگی کے سلسلے میں سعودی عرب کی جانب سے فوجی مدد کی کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی۔

# لبنان پر اسرائیلی حملے روکنے کی کوششوں پر تبادلہ خیال

پیرس، 17 ستمبر (یو این آئی) لبنانی صدر جوزف عون نے جمعرات کو ایلیزے پیلس میں فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون سے ملاقات کی، جس میں لبنان پر اسرائیلی حملے روکنے کی کوششوں اور مجوزہ فریم ورک معاہدے کے سلسلے میں جاری لبنانی، امریکی اور اسرائیلی مذاکرات کی حمایت پر توجہ مرکوز کی گئی۔ لبنانی صدارت کے مطابق صدر میکرون نے صدارتی محل میں عون کا استقبال کیا اور دونوں رہنماؤں نے لبنان کی صورتحال اور لبنانی ریاست کی اتھارٹی اور سکیورٹی اداروں کو مضبوط بنانے کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی جب فرانس نے لبنان کی مسلح افواج اور سکیورٹی اداروں کی حمایت کے مقصد سے مذاکرات کی میزبانی کی۔ مجوزہ فریم ورک معاہدے کے تحت لبنانی فوج سے توقع کی جارہی ہے کہ وہ جنوبی لبنان میں تعیناتی اور حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کے عمل میں مرکزی کردار ادا کرے گی۔ لبنانی صدارت نے کہا کہ جمعرات کے اجلاس میں متعدد ممالک کے فوجی وفود اور ماہرین کے علاوہ حکومتوں اور بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندوں کی شرکت متوقع تھی۔ یہ اجلاس لبنان کے سکیورٹی اداروں کو مضبوط بنانے سے متعلق ایک وسیع تر کانفرنس سے قبل منعقد ہوا۔ اردن نے بعد ازاں کانفرنس کی ''مکمل حمایت'' کا اظہار کیا۔

لبنانی فوج کے مطابق شاہ عبداللہ دوم نے اتوار کو عمان میں لبنانی فوج کے کمانڈر ان چیف روڈولف ہیکل سے ملاقات کے دوران لبنان کی سلامتی اور خودمختاری کے لیے اردن کی حمایت کا اعادہ کیا۔ اردن اور لبنان نے گزشتہ ایک برس کے دوران فوجی تعاون میں بھی اضافہ کیا ہے۔ ہیکل نے جولائی 2025 میں اردن کا دورہ کیا تھا، جہاں دونوں افواج نے فوجی تربیت سمیت مختلف شعبوں میں اپنی تزویراتی شراکت داری اور تعاون کو اجاگر کیا تھا۔ اردن کی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین یوسف الحنیطی نے جنوری 2026 میں بیروت کا دورہ کیا تھا، جہاں لبنانی فوج کی تربیت اور صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر بات چیت ہوئی۔ عمان نے لبنانی فوج کو غذائی امداد بھی فراہم کی ہے۔ عون نے لبنان کے لیے فرانس کی حمایت اور ملک میں پیش رفت پر نظر رکھنے، لبنانی ریاست کی اتھارٹی اور خودمختاری مضبوط بنانے اور سرکاری سکیورٹی و فوجی اداروں کی حمایت کے لیے میکرون کی ذاتی کوششوں پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ لبنانی صدر نے میکرون اور اطالوی وزیر اعظم کی جانب سے اقوام متحدہ کی عبوری فورس برائے لبنان (یونیفل) کے مینڈیٹ کے اختتام کے بعد کے انتظامات سے متعلق شروع کیے گئے اقدام کو بھی سراہا۔ دونوں صدور نے رابطہ برقرار رکھنے اور متعدد شعبوں، بالخصوص معیشت اور توانائی کے شعبے میں تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ معاہدے میں جنگ بندی، لبنانی سرزمین سے اسرائیلی افواج کے بتدریج انخلا اور حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ لبنانی صدارت کے مطابق دونوں رہنماؤں نے لبنان کے سمندری حدود میں تیل اور گیس کی تلاش کے کام دوبارہ شروع کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

## ترکیہ کا حُرکش-II ترک فضائیہ کے سپرد کیا جانے والا پہلا مقامی طیارہ ہوگا

انقرہ، 17 ستمبر (یو این آئی) ترکیہ کا نئی نسل کا بنیادی تربیتی طیارہ حُرکش-II، ترک فضائیہ کے بیڑے میں شامل ہونے والا ہے، جو ملک کی دفاعی صنعت کے لیے ایک نیا سنگ میل ہے۔ ترکیہ کے محکمہ دفاعی صنعتوں کے سربراہ خالق گیورگن اور ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل رافت دالکھر ان نے مقامی طور پر تیار کردہ حُرکش-II اور حُرجیٹ طیاروں کی آزمائشی پروازوں میں حصہ لیا۔ گیورگن نے کہا کہ پہلا حُرکش-II جلد ہی فضائی کمانڈ کے سپرد کردیا جائے گا۔ انہوں نے ترک سوشل میڈیا پلیٹ فارم NSosyal پر لکھا' جب آپ طیارے کے کاک پٹ میں بیٹھتے ہیں تو آپ ڈیزائن کی میز سے لے کر پیداوار کی لائن تک اور آزمائشوں سے پرواز تک پھیلی ہوئی بے پناہ محنت کو زیادہ قریب سے محسوس کرتے ہیں۔ اب یہ محنت ایک اور نتیجہ دینے کے قریب ہے، ہم اپنا پہلا حُرکش-II طیارہ بہت جلد اپنی فضائی کمانڈ کے حوالے کریں گے۔'' پرواز کے بعد شیئر کیے گئے ایک ویڈیو میں، گیورگن نے اس متوقع فراہمی کو ترکیہ کے لیے ایک سنگِ میل قرار دیا۔

# اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے قبل امریکہ نے فلسطینی حکام پر ویزا پابندی میں توسیع کردی



واشنگٹن، 17 ستمبر (یو این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے فلسطینی اتھارٹی (پی اے) کے حکام اور فلسطین لبریشن آرگنائزیشن (پی ایل او) کے ارکان پر عائد ویزا پابندیوں میں توسیع کا اعلان کیا ہے، جس کے نتیجے میں فلسطینی صدر محمود عباس آئندہ ہفتے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کے لیے مسلسل دوسرے سال نیویارک کا سفر نہیں کرسکیں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں کہا، ''امریکہ سے کیے گئے اپنے وعدوں کے برخلاف اصلاحات کرنے میں ناکامی اور امن کے امکانات کو نقصان پہنچانے والی ان کی مسلسل سرگرمیوں کے نتیجے میں امریکہ پی ایل او کے ارکان اور فلسطینی اتھارٹی کے حکام کے ویزے مسترد کرنے والی پابندیوں میں توسیع کرے گا۔'' محکمہ خارجہ نے فلسطینی اتھارٹی پر امریکی قانون کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا۔ اس کے مطابق فلسطینی اتھارٹی براہِ راست مذاکرات کے بجائے بین الاقوامی سطح پر فلسطینی ریاست کو تسلیم کرانے کی کوشش کر رہی ہے، اسرائیل کے ساتھ اپنے تنازع کو بین الاقوامی عدالتوں میں لے جارہی ہے اور ایسے افراد اور ان کے اہل خانہ کو ادائیگیاں کررہی ہے جنہیں امریکہ اور اسرائیل حملوں میں سزا یافتہ قرار دیتے ہیں۔ تاہم امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ میں فلسطینی اتھارٹی کے مشن کو اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز کے معاہدے کے تحت حاصل استثنا برقرار رہے گا، جس کے باعث اس کے معمول کے عملے کے ارکان امریکہ میں داخلے سے انفرادی طور پر روکے جانے کے باوجود اپنا کام جاری رکھ سکیں گے۔ توقع کی جارہی تھی کہ عباس رواں سال اپنی تقریر میں فلسطینی ریاست کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیے جانے اور دو ریاستی حل کے لیے نئی سفارتی کوششوں پر زور دیں گے۔ رواں ماہ برطانیہ، فرانس، کینیڈا اور دیگر مغربی حکومتوں کی جانب سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کیے جانے کے سلسلے کے بعد اس معاملے پر سفارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے۔ عباس سے یہ بھی توقع کی جا رہی تھی کہ وہ غزہ میں جاری انسانی بحران اور مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کی تیزی سے توسیع اور آبادکاروں کے حملوں کی جانب عالمی توجہ مبذول کرائیں گے۔ امریکا کی جانب سے گزشتہ سال بھی فلسطینی حکام کے ویزے مسترد کیے جانے پر فلسطینی عہدیداروں اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین نے تنقید کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ کی ذمہ داری ہے کہ اقوام متحدہ کی جانب سے مدعو کیے گئے افراد کو نیویارک میں اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز تک رسائی فراہم کرے۔ ناقدین نے یہ مؤقف بھی اختیار کیا تھا کہ فلسطینی نمائندوں کو نشانہ بنانا جبکہ اسرائیلی رہنماؤں کو ایسی پابندیوں سے مستثنیٰ رکھنا واشنگٹن کے مذاکرات کے ذریعے امن کے عزم کو کمزور کرتا ہے۔ اسرائیلی حکام پر امریکہ کی جانب سے ایسی کوئی مساوی سفری پابندی عائد نہیں کی گئی، حالانکہ بین الاقوامی فوجداری عدالت نے غزہ میں مبینہ جنگی جرائم کے الزام میں اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری کررکھا ہے۔

# یمن کے تعز اور لحج میں لڑائی تیز، حکومتی فورسز کی حوثی ٹھکانوں پر کارروائیاں



صنعا، 17 ستمبر (یو این آئی) یمن کے تعز اور اس سے متصل لحج صوبوں میں جمعرات کو یمنی حکومتی فورسز اور حوثی جنگجوؤں کے درمیان لڑائی میں شدت آگئی۔ حکومتی فورسز نے حوثیوں کے ٹھکانوں پر فضائی حملے کیے اور باب المندب آبنائے کے قریب تزویراتی اہمیت کی حامل کہبوب پہاڑی سلسلے میں پیش قدمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ یمن کی وزارت اطلاعات میں ٹیلی ویژن امور کے اسسٹنٹ انڈر سیکریٹری فیاض النعمان نے ایکس پر بتایا کہ تعز کے مغرب میں واقع ضلع الوزیعہ کے الظریفہ چوک پر حوثیوں کی کمک کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ النعمان کے حوالے سے فیلڈ رپورٹس کے مطابق یمنی فضائیہ نے تعز شہر کے مشرق میں الحوبان کے علاقے میں حوثیوں کے ایک مواصلاتی مرکز کو بھی نشانہ بنایا۔ تعز اور لحج کے درمیان واقع کہبوب پہاڑی سلسلے میں شدید جھڑپوں کی اطلاعات ہیں۔ یہ پہاڑی سلسلہ یمن کے مغربی ساحل اور باب المندب آبنائے کی جانب جانے والے راستوں پر نظر رکھتا ہے۔ حکومتی فورسز نے کہا کہ انہوں نے حوثیوں کے حملے پسپا کردیے اور پہاڑوں میں کئی پوزیشنوں پر قبضہ کرلیا، جس کے بعد حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں کے خلاف جوابی کارروائی شروع کردی گئی۔ فوجی ذرائع کے مطابق حوثیوں نے مختلف اقسام کے ہتھیار استعمال کیے اور کہبوب پہاڑی سلسلے کے راستے پیش قدمی کی کوشش میں متعدد جنگی یونٹس تعینات کیے۔ حکومتی فورسز نے کہا کہ حوثیوں کے ٹھکانوں، سازوسامان اور جنگجوؤں کے اجتماعات پر حملوں میں متعدد حوثی جنگجو ہلاک یا زخمی ہوئے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق فورسز نے علاقے میں ایک ڈرون بھی مار گرایا۔ نیشنل شیلڈ فورسز نے الگ سے کہا کہ انہوں نے سدرن جائنٹس بریگیڈز کی مدد سے المضر اب محاذ پر حوثیوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی۔ فورسز کے مطابق 2 حوثی جنگجوؤں کو گرفتار جبکہ دیگر کو زخمی کردیا گیا۔ کہبوب پہاڑ تزویراتی اعتبار سے انتہائی اہم ہیں کیونکہ ان سے باب المندب آبنائے کا علاقہ نظر آتا ہے۔ باب المندب دنیا کی اہم جہاز رانی کی گزرگاہوں میں شامل ہے جو بحیرہ احمر کو خلیج عدن سے ملاتی ہے۔ اس پہاڑی سلسلے سے میون جزیرے کے اطراف کا علاقہ بھی نظر آتا ہے۔ النعمان نے اس سے قبل تعز کے مغرب میں واقع جبل حبشی ضلع کے العنین اور بلاد الوافی محاذوں پر بھی جھڑپوں کی اطلاع دی تھی۔ تعز کے مغربی علاقوں میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران لڑائی میں شدت آئی ہے۔ بدھ کو حکومتی فورسز نے کہا تھا کہ انہوں نے الکدحہ محاذ پر حوثیوں کے ٹھکانوں، بیرکوں اور اہلکاروں کو نشانہ بنایا، جبکہ دیگر فضائی حملوں میں تعز کے مغربی علاقوں میں حوثیوں کے ٹھکانوں اور اجتماعات کو نشانہ بنایا گیا۔ تازہ جھڑپوں کے باعث نسبتاً طویل عرصے سے جاری پُرسکون صورتحال ختم ہوگئی ہے، جو اپریل 2022 میں اقوام متحدہ کی ثالثی میں جنگ بندی نافذ ہونے کے بعد بڑی حد تک برقرار رہی تھی۔

# ٹرمپ کی جانب سے کینیڈا کے معاملے پر یورپی یونین کو مزید پابندیوں کی دھمکی

گزشتہ روز یورپی کمیشن کی سربراہ اُرزولا فان ڈیرلائن کی طرف سے کینیڈا کو یورپی یونین کی ایک نئی قسم کی ''ایسوسی ایٹ رکنیت'' دینے پر غور کے اعلان پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا یہ خیال ''مضحکہ خیز'' اور ایک ''مخاصمانہ اقدام'' ہے۔ ٹرمپ نے اس معاملے پر یورپی یونین کو مزید پابندیوں کی دھمکی دی ہے۔ یورپی یونین نے اشارہ دیا تھا کہ کینیڈا اس بلاک کا پہلا 'ایسوسی ایٹ ممبر' (وابستہ رکن) بننے کے قریب ہے۔ اس پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکیوں اور تضحیک آمیز لہجے میں ردعمل ظاہر کیا۔ اسٹراسبرگ میں یورپی پارلیمنٹ سے اپنے اسٹیٹ آف دی یونین سالانہ خطاب کے دوران، یورپی کمیشن کی صدر ارزولا فان ڈیرلائن نے کہا کہ یورپی یونین کینیڈا کو اپنا پہلا ایسوسی ایٹ ممبر بنانے کی راہ ہموار کررہی ہے۔ ان کا کہنا تھا بلاک کے ساتھ اس قسم کا تعلق فی الحال موجود نہیں ہے اور اسے بالکل نئے سرے سے قائم کرنا ہوگا۔ بدھ کے روز نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ یہ خیال ایک ''معاندانہ کارروائی'' ثابت ہوسکتی ہے۔ انہوں نے اس کے جواب میں یورپی یونین پر پابندیاں عائد کرنے کی دھمکی دی۔ نارتھ کیرولائنا میں ایک تقریب کے لیے جاتے ہوئے ٹرمپ نے نامہ نگاروں کو بتایا، ''اگر وہ ایسا کرتے ہیں، اور اگر مجھے ذرا بھی لگا کہ یہ ایک مخاصمانہ اقدام ہے، تو میں بہت بھاری ٹیرف (محصولات) عائد کروں گا یا پھر بہت سی اشیاء کی تجارت روک دوں گا۔'' کینیڈا کی یورپی یونین میں ممکنہ ایسوسی ایٹ رکنیت کا یہ معاملہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ٹرمپ نے اپنے صدارتی دورِ حکومت کے دوسرے مرحلے میں اپنے شمالی پڑوسی ملک کے ساتھ واشنگٹن کے تعلقات کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ کینیڈا ٹرمپ کی ٹیرف پالیسی سے متاثر ہونے والے پہلے ممالک میں شامل تھا۔ گزشتہ ماہ تجارتی مذاکرات ناکام ہونے کے بعد اوٹاوا اور واشنگٹن کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ ٹرمپ نے کینیڈا پر مزید پابندیاں عائد کیں، جبکہ کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے بھی اسی نوعیت کی جوابی کارروائی کے عزم کا اظہار کیا۔ ٹرمپ کے دور میں واشنگٹن کے یورپی اتحادیوں کے ساتھ تعلقات بھی متاثر ہوئے، خصوصاً امریکی صدر کی جانب سے گرین لینڈ پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کے بعد۔ گرین لینڈ مملکتِ ڈنمارک کا حصہ ہے۔ یورپی یونین بھی ٹرمپ کے وسیع ٹیرف اقدامات سے متاثر ہوئی، جیسا کہ دنیا کے بیشتر ممالک ہوئے، تاہم بعد میں دونوں فریقوں کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ طے پا گیا جس کے نتیجے میں ان محصولات میں کمی لائی گئی۔

# ایران جنگ کے بعد کی حکمت عملی پر ٹرمپ کی نیویارک میں خلیجی رہنماؤں سے ملاقات متوقع

واشنگٹن، 17 ستمبر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی 22 ستمبر کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے 6 رکن ممالک کے رہنماؤں اور وزرائے خارجہ سے ملاقات متوقع ہے۔ ایکسیوس نے منصوبے سے واقف 3 ذرائع کے حوالے سے یہ اطلاع دی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں جنگ کے بعد کی حکمت عملی سے متعلق امریکی تجاویز پر توجہ مرکوز کیے جانے کا امکان ہے، جبکہ ٹرمپ اور ان کے اعلیٰ معاونین ایران کے ساتھ جاری تنازع کے خاتمے کے بعد کے دور کے لیے ایک منصوبے پر کام کر رہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ وسیع تر حکمت عملی کو امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد حتمی شکل دیے جانے کی توقع ہے۔ ملاقات میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، کویت اور عمان کے نمائندوں کی شرکت متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ نے 16 ستمبر کو خلیجی ممالک کو ابتدائی دعوت نامے بھیج دیے ہیں۔ ایکسیوس کے مطابق مجوزہ اجلاس میں دیگر عرب اور مسلم ممالک کے رہنماؤں کو بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔ مجوزہ مذاکرات ایسے وقت میں ہو رہے ہیں جب واشنگٹن کو تنازع کے بعد کی صورتحال سے متعلق اپنی حکمت عملی وضع کرنے اور خطے کے لیے آئندہ پالیسی تشکیل دینے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ٹرمپ ایک بار پھر کہہ چکے ہیں کہ تنازع اختتام کے قریب پہنچ سکتا ہے، جبکہ امریکی حکام ایران اور آبنائے ہرمز کی سلامتی سے متعلق بات چیت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دریں اثنا، 24 ستمبر کو واشنگٹن میں ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کے درمیان ہونے والی ملاقات کی تیاریاں تاحال مکمل نہیں ہوسکی ہیں، جبکہ انتظامی اور پالیسی سے متعلق تفصیلات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔ ریاستی عشائیے میں شرکت کرنے والے چینی وفد کے ارکان کی تعداد کے بارے میں غیر یقینی صورتحال نے بیجنگ کے لیے اپنے وفد کی منصوبہ بندی کو پیچیدہ بنادیا ہے۔ اس غیر یقینی صورتحال کے باعث یہ فیصلہ بھی متاثر ہوا ہے کہ کون سے چینی ٹیکنالوجی شعبے کے اعلیٰ عہدیدار شی جن پنگ کے ہمراہ واشنگٹن جائیں گے، بالخصوص ایسے وقت میں جب دونوں ممالک تجارت، ٹیکنالوجی اور دیگر اقتصادی امور پر بات چیت کی تیاری کر رہے ہیں۔ ٹرمپ تصدیق کر چکے ہیں کہ شی جن پنگ 24 ستمبر کو واشنگٹن کا دورہ کریں گے اور ان کے اعزاز میں ریاستی عشائیہ بھی دیا جائے گا۔

# روس اور یوکرین کے درمیان حملوں کی اطلاع

ماسکو/کیف، 17 ستمبر (یو این آئی) یوکرین کے ایک ڈرون حملے نے راتوں رات روس کے علاقے یاروسلاو میں ایک آئل ریفائنری اور روستوف آن ڈان میں ایک ٹرانسفارمر سب اسٹیشن کو نقصان پہنچایا ہے، جبکہ یوکرینی حکام نے کیف اور اوڈیسا میں روسی حملوں سے جانی نقصان اور تباہی کی اطلاع دی ہے۔ یاروسلاول کے علاقائی گورنر میخائل ایورایف نے روسی سوشل میڈیا پلیٹ فارم میکس پر بتایا کہ فضائی دفاعی نظام نے علاقے میں 65 ڈرونز کو مار گرایا۔ ایورایف نے کہا کہ اس حملے سے یاروسلاول میں ایک آئل ریفائنری کو نقصان پہنچا، جہاں آگ بھڑک اٹھی، جبکہ ڈرونز کا ملبہ گرنے سے کئی اپارٹمنٹ عمارتوں اور گاڑیوں کے شیشے ٹوٹ گئے، انہوں نے مزید کہا کہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ دوسری طرف، روستوف کے علاقائی گورنر یوری سلوصار نے بتایا کہ ڈرونز کے ملبے نے روستوف آن ڈان میں ایک ٹرانسفارمر سب اسٹیشن کو نقصان پہنچایا، جس سے شہر کے چار اضلاع میں بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ چھ نجی مکانات اور بیرونی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا ہے، جبکہ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ دریں اثنا، ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانین نے مزید تفصیلات فراہم کیے بغیر کہا کہ دارالحکومت کی طرف بڑھنے والے چھ ڈرونز کو مار گرایا گیا ہے۔ یوکرین میں، کیف کے میئر وتالی کلیٹسکو نے کہا کہ راتوں رات ہونے والے روسی حملوں نے دارالحکومت کے کئی اضلاع میں رہائشی اور دیگر عمارتوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ کلیٹسکو نے واضح کیا کہ ان حملوں میں 16 افراد زخمی ہوئے، جن میں سے نو کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

# کینیڈین وزیر اعظم مارک کارنی کا یورپی یونین کا 'ایسوسی ایٹ رکن' بننے کی پیشکش کا خیر مقدم



اوٹاوا، 17 ستمبر (یو این آئی) کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے جمعرات کو یورپی یونین کی جانب سے کینیڈا کو اس کا پہلا ''ایسوسی ایٹ رکن'' بننے کی دعوت کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ امریکہ کے ساتھ تعلقات میں نمایاں کشیدگی کے درمیان یورپی یونین کے ساتھ قریبی روابط دونوں دیرینہ اتحادیوں کو اپنی معاشی اور سلامتی کی لچک مضبوط کرنے اور امریکا پر انحصار کم کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ فرانس کے شہر اسٹراسبرگ میں یورپی پارلیمنٹ کے ارکان اور یورپی کمیشن کی صدر ارسولا وان ڈیرلیین سے خطاب کرتے ہوئے کارنی نے اس تجویز میں کینیڈا کی دلچسپی کی تصدیق کی۔ وان ڈیرلیین نے ایک روز قبل اپنے سالانہ 'اسٹیٹ آف دی یونین' خطاب میں یہ تجویز پیش کی تھی۔ تاہم اس طرح کے انتظام کی شرائط ابھی طے نہیں کی گئی ہیں۔ کارنی نے اپنی تقریر میں 27 رکنی یورپی یونین کو بڑھتی ہوئی جغرافیائی سیاسی اور معاشی غیر یقینی صورتحال کے وقت کینیڈا کو اس کا فطری شراکت دار قرار دیتے ہوئے توانائی، اہم معدنیات، دفاع، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں قریبی تعاون کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے تجارت اور سفر میں رکاوٹیں کم کرنے اور تعلیم سمیت دیگر شعبوں میں مزید انضمام کی بھی تجویز پیش کی۔ یہ تقریر کینیڈا اور امریکا کے درمیان تجارتی مذاکرات میں ایک اور تعطل اور دونوں ممالک کے درمیان محصولات کے ایک نئے تبادلے کے بعد سامنے آئی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کینیڈا اور یورپی یونین کے مجوزہ انتظام کے سخت ناقد رہے ہیں اور خبردار کر چکے ہیں کہ اگر انہیں یہ اقدام مخالفانہ محسوس ہوا تو وہ یورپ پر بھاری محصولات عائد کر سکتے ہیں۔ کارنی نے واضح کرنے کی کوشش کی کہ یورپ کے ساتھ گہرے تعلقات کا مقصد امریکہ کی جگہ کسی نئے معاشی یا اسٹریٹجک شراکت دار کو لانا نہیں ہے۔ کارنی نے قانون سازوں کی ہنسی اور تالیوں کے درمیان کہا، ''میں ایک عظیم طاقت کا حریف بننے کے لیے تیسرے بلاک کی تجویز نہیں دے رہا، صرف بہتر آداب کے ساتھ۔'' انہوں نے کہا، ''ہم دوسروں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے طاقت کے خواہاں نہیں ہیں۔ اس کے برعکس، ہم لچک پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہیں تاکہ کوئی بھی، کوئی بھی، ہماری کھلی منڈیوں کو کنٹرول نہ کر سکے، ہماری خودمختاری کو نقصان نہ پہنچا سکے، ہماری علاقائی سالمیت کو خطرے میں نہ ڈال سکے یا ہماری آزادیوں، ہماری جمہوریتوں اور قانون کی حکمرانی کو کمزور نہ کر سکے۔'' انہوں نے کہا کہ کینیڈا اور یورپ کو اپنی دفاعی صنعتوں کو مضبوط کرنا چاہیے، خودمختار کمپیوٹنگ صلاحیت کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے، مصنوعی ذہانت کے ضابطے وضع کرنے میں تعاون کرنا چاہیے اور دونوں خطوں کے درمیان طلبہ کی نقل وحرکت کو آسان بنانا چاہیے۔

# ترکی حماس کو اپنے ہاں جگہ دے، اسرائیلی وزیر دفاع



اسرائیل کے وزیرِ دفاع اسرائیل کاٹز نے جمعرات کو تجویز پیش کی ہے کہ ترکی غزہ سے حماس کے ارکان کو اپنے ہاں پناہ دے، جبکہ انہوں نے جنگ سے تباہ حال اس علاقے کی 20 لاکھ آبادی کی مکمل منتقلی کے مطالبے کا بھی اعادہ کیا۔ اپنے بے باک بیانات کے لیے معروف کاٹز کے یہ ریمارکس ایسے وقت میں سامنے آئے جب ترکی اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا، ''اسرائیل اپنے سکیورٹی اہداف کے حصول اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری رکھے گا کہ سات اکتوبر جیسا خطرہ دوبارہ پیدا نہ ہو۔'' ان کا اشارہ 2023 میں حماس کے اس حملے کی جانب تھا جس کے بعد غزہ جنگ شروع ہوئی تھی۔ کاٹز نے مزید کہا کہ اگر ترک صدر رجب طیب ایردوآن ''غزہ میں اپنے ہم عقیدہ اور ہم خیال بھائیوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں تو انہیں انطالیہ منتقل ہونے کی دعوت دیں۔ اسرائیلی سیاحوں کی عدم موجودگی میں وہاں کافی جگہ خالی ہو چکی ہے۔'' انطالیہ ترکی کی سیاحتی مرکز اور ساحلی شہر ہے۔ ترکی اور اسرائیل کے تعلقات خراب ہونے سے قبل اسرائیلیوں کا ایک پسندیدہ مقام ہوا کرتا تھا۔ ترک صدر رجب طیب ایردوآن اسرائیل کے سخت ناقد ہیں۔ انہوں نے حماس کے رہنماؤں کو استنبول میں رہنے کی اجازت بھی دی ہے۔ اگست میں اسرائیل نے شمالی شام میں ایک فضائی اڈے پر بمباری کی تھی۔ اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو نے ترکی پر شام میں فوجی اڈہ قائم کرنے کی کوشش کا الزام لگایا تھا۔ اس کے جواب میں ترکی نے کہا کہ اس نے نیتن یاہو کے خلاف ''نسل کشی'' کے الزام میں بین الاقوامی فوجداری پولیس، انٹرپول (Interpol)، سے کارروائی کی درخواست کی ہے۔ بدھ کے روز اسرائیلی وزیرِ دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا کہ غزہ کی تقریباً 70 فیصد آبادی وہاں سے نکل چکی ہے۔ ان کے مطابق، اسرائیلی فوج باقی آبادی کو بھی منتقل کرنے کے لیے تیار ہے تاکہ نقل مکانی کے منصوبے پر عمل کیا جا سکے۔ اس ماہ کے شروع میں کاٹز نے کہا تھا کہ اسرائیل فلسطینیوں کو زمینی اور سمندری راستے سے غزہ سے منتقل کرنے کے لیے تیار ہے۔ تاہم، وہ امریکہ کے فیصلے کا انتظار کررہے ہیں کہ ان تقریباً 20 لاکھ افراد کو کہاں منتقل کیا جائے گا۔ کاٹز نے اس منصوبے کو ''رضا کارانہ'' قرار دیا ہے۔

# امام زادہ عبدالعظیم حسنی علیہ الرحمۃ

مولانا سید علی ہاشم عابدی




نسب جب معرفت سے روشن ہو، علم جب عمل سے آراستہ ہو اور محبت جب وفاداری کا پیکر بن جائے تو شخصیت محض تاریخ کا حصہ نہیں رہتی، بلکہ تاریخ کے لئے ایک روشن معیار بن جاتی ہے۔ حضرت عبدالعظیم حسنیؒ ایسی ہی عظیم المرتبت شخصیت ہیں۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ خاندانِ رسالتؐ سے تعلق رکھنے والے جلیل القدر عالم، محدث اور اہل بیت علیہم السلام کے وفادار پیرو تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ تاہم آپ کی عظمت صرف نسب کی نسبت تک محدود نہیں؛ آپ کی شخصیت علم، تقویٰ، معرفتِ امام اور ولایتِ اہل بیت علیہم السلام سے وفاداری کا حسین امتزاج تھی۔



آپ 4 ربیع الثانی 173 ہجری کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور تاریخ کے ایسے دور میں زندگی گزاری جب ائمۂ اہل بیت علیہم السلام اور ان کے پیروکاروں کو عباسی حکومت کے سیاسی دباؤ اور نگرانی کا سامنا تھا۔ ایسے ماحول میں حق کی معرفت حاصل کرنا، اسے محفوظ رکھنا اور اہل ایمان تک پہنچانا ایک عظیم دینی ذمہ داری تھی۔ حضرت عبدالعظیم حسنیؒ نے اس ذمہ داری کو علم، عمل، تقویٰ اور اخلاص کے ساتھ نبھایا۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی شخصیت کا نمایاں پہلو ان کا علمی مقام ہے۔ آپ نے ائمۂ اہل بیت علیہم السلام سے معارف حاصل کئے اور ان علوم کو آگے منتقل کیا۔ آپ کے لئے علم محض الفاظ اور معلومات کا ذخیرہ نہیں تھا؛ وہ علم آپ کے کردار میں ڈھل چکا تھا۔

آپ کی سیرت اہل علم کو یہ سبق دیتی ہے کہ علم کی حقیقی قدر اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب وہ انسان کو خدا سے قریب، حق کے سامنے جھکنے والا اور باطل کے مقابلے میں ثابت قدم بنا دے۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی معرفتِ دین کا ایک اہم واقعہ امام علی نقی الہادی علیہ السلام کی خدمت میں ان کی حاضری ہے۔ روایات کے مطابق آپ نے اپنے عقائد امام علی نقی ہادی علیہ السلام کے سامنے پیش کئے اور توحید، نبوت، امامت، قیامت اور دیگر بنیادی اعتقادی اصولوں کے بارے میں اپنے یقین کا اظہار کیا، نیز ائمۂ اہل بیت علیہم السلام کی امامت کا اقرار کیا۔

یہ واقعہ حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی شخصیت کے ایک نہایت اہم پہلو کو نمایاں کرتا ہے۔ وہ صرف امام کی محبت کا دعویٰ کرنے والے نہیں تھے، بلکہ معرفتِ امام رکھنے، اپنے عقیدے کو امام کے سامنے پیش کرنے اور اپنی دینی بصیرت کی تصدیق حاصل کرنے والے صاحبِ معرفت مومن تھے۔

یہی واقعہ یہ سبق دیتا ہے کہ ایمان محض جذبات کا نام نہیں؛ اسے معرفت، یقین اور اطاعت سے استحکام حاصل ہوتا ہے۔

توجہ رہے کہ حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی زندگی میں ولایت محض قلبی وابستگی نہیں، بلکہ ایک عملی ذمہ داری تھی۔ اہل بیت علیہم السلام سے محبت کا تقاضا ہے کہ ان کی تعلیمات کو سمجھا جائے، ان کے راستے پر چلا جائے اور اپنے کردار کو ان کے اخلاق سے آراستہ کیا جائے۔

آج محبتِ اہل بیت علیہم السلام کے اظہار کے ذرائع پہلے سے کہیں زیادہ ہیں، لیکن حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی سیرت محبت کا ایک بلند تر مفہوم ہمارے سامنے رکھتی ہے کہ محبت اگر معرفت پیدا نہ کرے تو ادھوری ہے، معرفت اگر عمل تک نہ پہنچے تو بے اثر ہے، اور عمل اگر اخلاص سے خالی ہو تو اپنی روح کھو دیتا ہے۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی زندگی میں محبت، معرفت اور عمل ایک حسین وحدت کی صورت میں جلوہ گر نظر آتے ہیں۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی زندگی کا ایک روشن باب شہرِ رَی سے وابستہ ہے۔ آپ نے وہاں قیام کیا اور اہل ایمان کے درمیان دینی معارف کی ترویج اور رہنمائی کا فریضہ انجام دیا۔ آج اسی سرزمین پر آپ کا حرمِ مطہر اہل بیت علیہم السلام سے محبت رکھنے والوں کے لئے ایک عظیم روحانی مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔

حرمِ حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کا گنبد محض ایک تاریخی عمارت کا حصہ نہیں؛ وہ صدیوں کی عقیدت، معرفت اور ولایت کی یادگار ہے۔ وہاں حاضر ہونے والا زائر گویا تاریخ کے اس روشن باب کے سامنے کھڑا ہوتا ہے جہاں ایک عالمِ دین نے اپنے عہد کے فکری اور سیاسی اضطراب کے درمیان اہل بیت علیہم السلام کی تعلیمات سے اپنا رشتہ مضبوط رکھا۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی ولادت کا دن محض جشن اور اظہارِ مسرت کا موقع نہیں؛ یہ معرفتِ دین، اصلاحِ کردار اور تجدیدِ عہد کی دعوت بھی ہے۔

آج معلومات کے ذرائع بے شمار ہیں، مگر صحیح معرفت کی ضرورت کم نہیں ہوئی۔ اظہارِ محبت کے وسائل پہلے سے کہیں زیادہ ہیں، مگر محبت کو عمل میں ڈھالنے کی ضرورت بھی اتنی ہی اہم ہے۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی سیرت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ علم حاصل کرو، مگر اسے عمل تک لے جاؤ؛ محبت کرو، مگر اسے وفاداری میں ڈھالو؛ ولایت کا اقرار کرو، مگر اسے کردار میں ظاہر کرو؛ اور دین کو جانو، مگر اپنی زندگی کو بھی دین کی روشنی میں سنوارو۔

یہی وہ پیغام ہے جو صدیوں کا فاصلہ طے کرکے آج بھی ہمارے سامنے پوری معنویت کے ساتھ موجود ہے۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی شخصیت یہ حقیقت بھی واضح کرتی ہے کہ عظیم خاندان سے تعلق ایک گراں قدر نعمت ہے، لیکن شخصیت کا حقیقی کمال علم، تقویٰ، کردار اور عمل سے ظاہر ہوتا ہے۔

آپ کو نسبتِ حسنی حاصل تھی، مگر آپ کی زندگی نے اس نسبت کو علم، عبادت، تقویٰ اور ولایت سے معنویت عطا کی۔ اسی لئے حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کا تذکرہ صرف ایک بزرگ سید کے طور پر نہیں، بلکہ مخلص عالمِ باعمل اور مومنِ صاحبِ معرفت کے طور پر کیا جاتا ہے۔

زمانہ بدل گیا، حکومتیں بدل گئیں اور سیاسی نقشے بھی تبدیل ہو گئے، مگر حضرت عبدالعظیم حسنی علیہ السلام کی یاد آج بھی دلوں میں زندہ ہے۔ اس لئے کہ دنیا میں بعض نام اقتدار سے نہیں، کردار سے زندہ رہتے ہیں۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ نے دنیاوی اقتدار کے بجائے علم، تقویٰ اور ولایت کی خدمت کو اپنی زندگی کا سرمایہ بنایا۔ یہی وہ میراث ہے جو وقت گزرنے کے ساتھ ماند نہیں پڑتی بلکہ نسل در نسل روشنی بکھیرتی رہتی ہے۔

ان کے یومِ ولادت پر ہمیں صرف خوشی کا اظہار نہیں کرنا چاہیے، بلکہ اپنے اندر یہ سوال بھی بیدار کرنا چاہیے کہ ہماری محبتِ اہل بیت علیہم السلام ہماری زندگی میں کس حد تک معرفت، اخلاق، عبادت اور عمل کی صورت میں جلوہ گر ہے؟

اگر یہ سوال ہمارے دل میں جاگ جائے تو یومِ ولادت محض جشن نہیں رہتا، بلکہ تجدیدِ عہد اور اصلاحِ ذات کا ایک بامعنی موقع بن جاتا ہے۔

حضرت عبدالعظیم حسنیؒ کی زندگی کا پیغام یہی ہے کہ اہل بیت علیہم السلام سے نسبت کو صرف زبان پر نہیں، کردار میں زندہ رکھا جائے؛ ولایت کو صرف عقیدے میں نہیں، عمل میں محسوس کیا جائے؛ اور علم کو صرف کتابوں میں نہیں، زندگی کے رویّوں میں اتارا جائے۔

رَی کی سرزمین پر بلند ہوتا ہوا ان کا گنبد آج بھی خاموش زبان میں یہی پیغام دیتا محسوس ہوتا ہے کہ جو دل معرفتِ اہل بیت علیہم السلام سے روشن ہو جائے، اس کی روشنی زمانے کی تاریکیوں میں بھی اپنا راستہ بناتی رہتی ہے۔

******

# حکیم عبدالحمید اور قومی یکجہتی

نازش احتشام اعظمی

ہندوستان جیسے ملک میں جہاں ذات برادری کے رجحانات، رنگ و نسل کے امتیازات، مذہب و مسلک اور تہذیب و ثقافت کے اختلافات موجود ہوں، ہر آن ٹکراؤ کا خدشہ بنا رہتا ہے۔ ایسے کسی بھی ملک میں قومی یکجہتی، تمام ضرورتوں سے زیادہ ترجیح کی حامل ہوتی ہے۔ اس صورت میں اس کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے، جب اِن آتش گیر عوامل کو ہوا دے کر مفاد پرست روٹیاں سینکنے والے ذہن موجود ہوں۔ ایسے حالات میں قومی یکجہتی کے کسی علم بردار کا وجود کسی مسیحا سے کم درجہ نہیں رکھتا۔ حکیم عبدالحمید ایک ایسے ہی مسیحا نفس کا نام ہے، جس کی زندگی کا ایک ایک عمل قومی یکجہتی سے عبارت رہا ہے۔ چنانچہ اُنھوں نے اپنے فکر و عمل اور ذاتی وسائل کو بروئے کار لاکر قومی یگانگت کے چراغ کو ایسی روشنی عطا کی، جو نفرت کی تاریکیوں کو ختم کر کے ہمیشہ اُجالا بخشتی رہے گی۔ حکیم عبدالحمید ایک ایسے مصلح طبیب کا نام ہے، جس کی نبض شناس نظروں نے قومی یکجہتی کی ضرورت کا احساس اوائل عمر سے کر لیا تھا، لہٰذا وہ پوری زندگی یگانگت کے علمبردار رہے اور تنوع میں اتحاد اور اختلافات میں ہم آہنگی کے پیامبر بنے رہے۔ چنانچہ فرقہ وارانہ کشیدگی کے تاریک بادلوں، سیاسی طوفانوں، اور سماجی ناانصافی کے گہرے گھاؤ کے درمیان حکیم عبدالحمید اپنی بصیرت، علم اور عمل کے ذریعے امید کے چراغ جلاتے رہے۔ اُن کی زندگی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اختلافات کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنا ممکن ہے۔ تقسیم کے دریا کو اتحاد کے پل سے جوڑا جا سکتا ہے، اور بکھرے معاشرے کو محبت کے دھاگے سے ایک لڑی میں پرویا جا سکتا ہے۔ حکیم عبد الحمید کا وجود اس زمین پر امن، محبت، اور ہم آہنگی کا ایک زندہ استعارہ تھا۔ اُن کے اصول، اُن کے خواب اور اُن کی میراث آج بھی اس بات کی یاددہانی کراتی ہے کہ حقیقی قیادت وہی ہے جو دلوں کو فتح کرے، ذہنوں کو منور کرے، اور انسانیت کی خدمت کے ذریعے اپنی عظمت کو امر کر دے۔ یہ تمہید اس داستان کا آغاز ہے، جس میں ایک شخصیت کی بصیرت، ہمت، اور قربانیوں کے نقوش ہیں اور جو ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ حقیقی اتحاد کی بنیاد محبت، علم اور قربانی کے ستونوں پر رکھی جاتی ہے۔ حکیم عبدالحمید دہلی کے ایک معزز تجارت پیشہ خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد حکیم حافظ عبدالمجید نے 1906ء میں ہمدرد دواخانہ کی بنیاد رکھی تھی۔ ابتدائی عمر میں ہی حکیم عبدالحمید نے اپنے والد سے خدمت خلق کے اصول سیکھ لیا تھا۔ اُنہوں نے برطانوی دور حکومت میں بھارت کی آزادی کی جدوجہد کو قریب سے دیکھا اور ان واقعات نے اُن کے ذہن میں اتحاد اور اجتماعی ترقی کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ وہ اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ ایک متنوع اور ثقافتی طور پر مختلف ملک میں، اتحاد کی بنیاد تعلیم، سماجی انصاف اور باہمی احترام پر ہونی چاہیے۔ حکیم عبدالحمید کے نزدیک قومی یکجہتی کا مطلب صرف تنازعات سے گریز نہیں تھا، بلکہ یہ ایک مثبت عمل تھا، جو مختلف کمیونٹیز کے درمیان تعاون، رواداری، اور اعتماد کو فروغ دیتا تھا۔ وہ ہندوستان کو مختلف ثقافتوں، مذاہب، اور زبانوں کا حسین امتزاج سمجھتے تھے۔ اُن کا ماننا تھا کہ ان تنوعات کو تقسیم کے بجائے طاقت کے طور پر دیکھنا چاہیے۔ ان کے نزدیک سب کو برابر مواقع فراہم کرنا اور ہر طبقے کو ترقی کے عمل میں شامل کرنا قومی اتحاد کے لیے ضروری تھا۔ حکیم عبدالحمید نے انسانیت کو کسی بھی مذہبی، نسلی، یا سماجی تقسیم سے ہمیشہ بالاتر رکھا۔ اُن کا ماننا تھا کہ خدمت خلق اتحاد کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔ 1989ء میں جامعہ ہمدرد کی بنیاد حکیم عبدالحمید کے اس خواب کی تکمیل تھی، جو ایک ایسا تعلیمی ادارہ قائم کرنا چاہتے تھے، جہاں روایتی اور جدید علوم کا امتزاج ہو۔ یہ یونیورسٹی ہر طبقے کے طلباء کے لیے کھلی تھی اور یہاں طلباء کو مختلف ثقافتوں اور مذاہب کے احترام کی تعلیم دی جاتی تھی۔ جامعہ ہمدرد نے ایسی نسل تیار کی، جو نہ صرف تعلیمی اعتبار سے بلکہ اخلاقی اور سماجی طور پر بھی مضبوط ہو۔ معاشی طور پر پس ماندہ طبقات کو تعلیم کی رسائی فراہم کرنے کے لیے اُنہوں نے کئی اسکالرشپ پروگرام شروع کیے۔ یہ پروگرام اُن کے اس وژن کی عکاسی کرتے ہیں کہ تعلیم کے ذریعے سماجی مساوات کو فروغ دیا جائے۔ تعلیمی نصاب کو صرف کتابی علم تک محدود نہ رکھنا اُن کی پالیسی تھی۔ اُنہوں نے اخلاقیات، سماجی خدمت، اور قومی یکجہتی کو نصاب کا حصہ بنایا، تاکہ طلباء بہتر شہری بن سکیں۔ حکیم عبدالحمید کے وژن کا عملی مظہر مجیدیہ ہسپتال تھا، جو ہر طبقے کے مریضوں کو معیاری اور سستی طبی سہولیات فراہم کرتا ہے۔ یہ ہسپتال طبی خدمت کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی کا بھی مظہر ہے۔ ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن اُن کے سماجی فلاحی نظریات کا ایک اور اہم سنگ میل ہے۔ اس تنظیم نے صحت، تعلیم، اور سماجی بہبود کے کئی منصوبے شروع کیے۔ ان کا مقصد تمام کمیونٹیز کو ساتھ لے کر چلنا اور انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔ یونانی طب کو معیاری اور جدید تحقیق کے ذریعے اسے بہتر بنانے کے لیے اُنہوں نے متعدد اقدامات کیے۔ اُن کی کوششوں نے روایتی طب کو جدید طبی نظام کے ساتھ مربوط کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ یونانی طب کو فروغ دینا اُن کے قومی یکجہتی کے وژن کا حصہ تھا، کیونکہ اس سے عوام کو مذہب یا ذات کی پروا کیے بغیر صحت کی خدمات حاصل کرنے میں مدد ملی۔ حکیم عبدالحمید نے ہمیشہ مختلف مذاہب کے درمیان مکالمے کی ضرورت پر زور دیا۔ اُن کا ماننا تھا کہ کھلے ذہنوں سے بات چیت اور مشترکہ اقدار پر زور دینا تنازعات کو حل کرنے اور اعتماد سازی کا اہم ذریعہ ہے۔ اُن کی فلاحی سرگرمیاں تمام مذاہب اور طبقات کے لیے عام تھیں۔ اُن کی خدمات کا دائرہ کسی ایک برادری یا رنگ و نسل تک محدود نہیں تھا، بلکہ سب کو یکساں فائدہ پہنچانے کے لیے تھا۔ حکیم عبدالحمید نے شدت سے محسوس کیا کہ سماجی اور اقتصادی عدم مساوات قومی یکجہتی کے لیے اہم رکاوٹیں ہیں۔ اُنہوں نے ان مسائل کو حل کرنے کے لیے ایسے پروگرام شروع کیے جو پسماندہ طبقات کی بہتری کے لیے تھے۔ قومی یکجہتی کو فروغ دینے کی حکیم عبدالحمید کی کوششیں چیلنجز سے خالی نہیں تھیں۔ ان کے دور میں ہندوستان کا سماجی اور سیاسی منظرنامہ فرقہ وارانہ کشیدگی اور تقسیم سے بھرا ہوا تھا۔ ان رکاوٹوں کے باوجود، وہ اتحاد اور ہم آہنگی کے لیے اپنی وابستگی پر قائم رہے۔ تقسیم اور فرقہ وارانہ تشدد کے دور میں حکیم عبدالحمید کے انضمام کے وژن کے لیے بے پناہ ہمت اور استقامت کی ضرورت تھی۔ اُنہوں نے ہمیشہ اُمن اور مصالحت کی وکالت کی، یہاں تک کہ مخالفت کے باوجود، ان کی زندگی اور کام، اتحاد اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے قیمتی سبق پیش کرتے ہیں۔ اُنہوں نے جو ادارے قائم کیے، جیسے جامعہ ہمدرد اور ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن۔ یہ تعلیم اور صحت عامہ کے ساتھ ہی، قومی یکجہتی کو فروغ دینے کے لیے استعمال کرنے کی زندہ مثالیں ہیں۔ حکیم عبدالحمید کا ''تنوع میں اتحاد'' کا فلسفہ قومی یکجہتی کے معاصر چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ایک ماڈل فراہم کرتا ہے۔ تعلیم، صحت عامہ، اور سماجی خدمات پر توجہ مرکوز کر کے، اُن کا طریقہ کار یہ ظاہر کرتا ہے کہ ایک متنوع معاشرے میں اجتماعی ترقی کیسے حاصل کی جا سکتی ہے۔ حکیم عبدالحمید کا قومی یکجہتی کا وژن اُن کے اتحاد، شمولیت اور انسانیت کی خدمت کے غیر متزلزل یقین سے عبارت تھا۔ اپنے تعلیمی اداروں، صحت عامہ کے پہلوؤں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی وکالت کے ذریعے، اُنہوں نے ایک متحد اور منصفانہ معاشرے کی بنیاد رکھی۔ اُن کی زندگی کا کام ہمدردی، افہام و تفہیم، اور اجتماعی طاقت کی یاد دہانی کراتا ہے۔ جدید معاشرے کی پیچیدگیوں کو سمجھتے ہوئے حکیم عبدالحمید کی میراث ہمیں ایک ایسی دنیا کے لیے کام کرنے کی ترغیب دیتی ہے، جہاں تنوع اور اتحاد غالب ہو۔ قومی یکجہتی کے لیے اُن کی خدمات نہ صرف ان کے وژن کی گواہ ہیں، بلکہ آئندہ نسلوں کے لیے ایک رہنما روشنی بھی ہیں

******

# وراثت کی بے ایمانیوں سے مذہبی مسلم گھرانے بھی محفوظ نہیں

ابونصر فاروق

**قرآن میں اللہ کا حکم**: تمہاری اولاد کے بارے میں اللہ تمہیں ہدایت کرتا ہے کہ : مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے۔ اگر میت (کی وارث) دو سے زیادہ لڑکیاں ہوں تو اُنہیں ترکے کا دو تہائی دیا جائے۔ اور اگر ایک ہی لڑکی وارث ہو تو آدھا ترکہ اُس کا ہے۔ اگر میت صاحب اولاد ہو تو اُس کے والدین میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ ملنا چاہئے۔ اور اگر وہ صاحب اولاد نہ ہو اور والدین ہی اُس کے وارث ہوں تو ماں کو تیسرا حصہ دیا جائے۔ اور اگر میت کے بھائی بہن بھی ہوں تو ماں چھٹے حصے کی حقدار ہوگی۔ (یہ سب حصے اس وقت نکالے جائیں گے) جب کہ وصیت جو میت نے کی ہو پوری کر دی جائے اور قرض جو اُس پر ہو ادا کر دیا جائے۔ تم نہیں جانتے کہ تمہارے ماں باپ اور تمہاری اولاد میں سے کون بہ لحاظ نفع تم سے قریب تر ہے۔ یہ حصے اللہ نے مقرر کر دیے ہیں۔ اور اللہ یقیناً سب حقیقتوں سے واقف اور ساری مصلحتوں کا جاننے والا ہے۔ اور تمہاری بیویوں نے جو کچھ چھوڑا ہو اُس کا آدھا حصہ تمہیں ملے گا، اگر وہ بے اولاد ہوں۔ ورنہ اولاد ہونے کی صورت میں ترکہ کا ایک چوتھائی حصہ تمہارا ہے جب کہ وصیت جو اُنہوں نے کی ہو پوری کر دی جائے اور قرض جو میت نے چھوڑا ہو ادا کر دیا جائے۔ بشرطیکہ وہ نقصان پہنچانے والا نہ ہو۔ یہ حکم اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ دانا و بینا اور نرم خو ہے۔ یہ اللہ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں۔ جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے گا اُسے اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور اُن باغوں میں وہ ہمیشہ رہے گا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور اُس کی مقرر کی ہوئی حدوں سے تجاوز کر جائے گا، اُسے اللہ آگ میں ڈالے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اُس کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔ (النساء:۱۰ تا ۱۴)

**ان آیات میں درج ذیل باتیں بتائی جا رہی ہیں**: (۱) مرد کو دوگنا حصہ اس لئے دیا جائے گا کہ شریعت نے خاندانی زندگی میں مرد پر زیادہ معاشی ذمہ داریوں کا بوجھ ڈالا ہے اور عورت کو بہت سی معاشی ذمہ داریوں سے آزاد رکھا ہے اس لئے انصاف کا تقاضہ یہی ہے کہ میراث میں عورت کا حصہ مرد کی بہ نسبت کم رکھا جائے۔ (۲) صاحب جائیداد کی موت کے بعد اُس کی چھوڑی ہوئی جائیداد میں سے سب سے پہلے اُس نے جو وصیت کی ہے اُسے پورا کیا جائے گا، پھر اُس پر جو قرض ہے اُس کو ادا کیا جائے گا اس کے بعد اللہ نے جن لوگوں کو جائیداد کا وارث ٹھہرایا ہے، قرآن کے بیان کردہ تناسب کے مطابق جائیداد اُن کے درمیان تقسیم کر دی جائے گی۔ (۳) کس حالت میں کس کو کتنا ملے گا اس کا فیصلہ انسان کو کرنے کا حق نہیں ہے، یہ فیصلہ اللہ نے کر دیا ہے اور وہ ساری حقیقتوں اور مصلحتوں کا جاننے والا دانا و بینا اور حد درجہ مہربان ہے۔ (۴) رشتہ داروں میں نفع پہنچانے کے لحاظ سے کون زیادہ قریب ہے اس کا علم اللہ کو ہے انسان کو نہیں ہے۔ (۵) وراثت کے یہ حصے اللہ کی طے کی ہوئی حدیں ہیں جو ان کی پابندی کرے گا جنت کا حقدار بنے گا اور دونوں جہان میں کامیاب بنے گا۔ اور جو ان حدود کی پاسداری نہیں کرے گا وہ جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ جلے گا اور دنیا میں ذلیل و خوار ہو کر رہے گا۔

**ترکے کی تقسیم کا طریقہ یہ بتایا گیا کہ**: (۱) میت کے بیوی، بیٹے اور بیٹیاں موجود ہوں تو ترکے کا آٹھواں حصہ بیوی کو ملے گا اس کے بعد جو بچے گا اُس میں بیٹے بیٹی کی تعداد کو سامنے رکھ کر اس طرح بانٹا جائے گا کہ بیٹوں کو دو دو حصہ اور بیٹیوں کو ایک ایک حصہ دیا جائے۔ (۲) اگر ماں باپ بھی موجود ہوں تو بیٹے بیٹیاں چاہے جتنے بھی ہوں ماں باپ دونوں ایک بٹے چھ حصے کے حقدار ہوں گے اور باقی دو بٹے تین حصہ دوسرے وارثوں کو دیا جائے گا۔ (۳) ماں باپ کے سوا کوئی اور وارث نہ ہو تو باقی دو تہائی باپ کو ملے گا ورنہ دو تہائی میں باپ اور دوسرے وارث شریک ہوں گے۔ (۴) بھائی بہن ہونے کی صورت میں ماں کا حصہ ایک بٹے تین کی جگہ ایک بٹے چھ کر دیا گیا ہے۔ اس طرح ماں کے حصے میں جو ایک بٹے چھ ہے وہ باپ کے حصے میں ڈالا جائے گا، کیونکہ اس صورت میں باپ کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں۔ یہ واضح رہے کہ میت کے والدین اگر زندہ ہوں تو اُس کے بہن بھائیوں کو حصہ نہیں پہنچتا۔ (۵) ایک بیوی ہو یا کئی بیویاں ہوں تو، اولاد ہونے کی صورت میں وہ ایک بٹے آٹھ اور اولاد نہ ہونے کی صورت میں ایک بٹے چار کی حصہ دار ہوں گی۔ یہ ایک بٹے آٹھ یا ایک بٹے چار سب بیویوں میں برابر برابر تقسیم کیا جائے گا۔ (حواشی تلخیص تفہیم القرآن)

میراث کی تقسیم کا یہ حساب ہر فرد کو آسانی سے سمجھ میں نہیں آئے گا اس لئے جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہوئے حکم شریعت کے مطابق جائیداد تقسیم کرنا چاہتے ہوں وہ کسی حساب داں عالم دین سے رابطہ کر کے تفصیل جان لیں۔ ہر عالم دین ترکے کی تقسیم کا علم نہیں رکھتا ہے۔

**مسلمانوں کی شرعی ذمہ داری**: یہ آیات بتا رہی ہیں کہ صاحب جائیداد کی موت کے بعد فوراً جائیداد کی تقسیم کا انتظام کیا جائے، مرنے والے کی وصیت پوری کی جائے، اُس پر جو قرض ہے وہ ادا کیا جائے اور وارثین میں جائیداد تقسیم کر دی جائے۔ کہا جا رہا ہے کہ یہ اللہ کا حکم ہے۔ جو اُس کے حکم کی تعمیل نہیں کرے گا وہ جہنم میں جائے گا اور جو اُس کے حکم کی تعمیل کرے گا اُس کو جنت اور کامیاب زندگی ملے گی۔

**ظالم اور ناانصاف مسلم معاشرہ**: قرآن کی ان آیات کے مطابق اول تو مسلم سماج میں جائیداد تقسیم ہی نہیں کی جاتی ہے اور اگر تقسیم کی بھی جاتی ہے تو ان احکام کا کوئی لحاظ نہیں کیا جاتا۔ یہ ایسا گناہ ہے جس میں اس وقت کا پورا مسلم معاشرہ مبتلا ہے الا ماشاء اللہ۔ ان دنوں مسلم گھرانوں میں جائیداد کی تقسیم میں حد سے زیادہ بے ایمانی اور ظلم و ستم ہو رہا ہے۔ اور اس کی وجہ سے سگے بھائی بہنوں اور دوسرے رشتہ داروں میں رنجشیں، شکایتیں اور عداوتیں پیدا ہو رہی ہیں۔ سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ صاحب جائیداد کی وفات کے بعد جائیداد کی منصفانہ تقسیم نہیں ہونے کی وجہ سے مدتوں متروکہ جائیداد اجمالی بنی رہتی ہے۔ جن گھروں میں جائیداد تقسیم کی جاتی ہے وہاں بھی جیسے تیسے بٹوارا ہو جاتا ہے لیکن قرآن کی ان ہدایات کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔ بھائی لوگ بہنوں کو اُن کا ترکہ دیتے ہی نہیں۔ پورا مسلم سماج گنہگار اور ظالم بنا ہوا ہے۔

**مذہبی جماعتوں اور قائدین کی ذمہ داری**: اصلاح معاشرہ کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے کہ مذہبی جماعتیں اور مذہبی قائدین امت کو اور خاص کر اپنی جماعت میں رہنے والوں کو پابند بنائیں کہ باپ کے مرنے کے بعد فوراً جائیداد کی شرعی تقسیم کریں۔ اور جو لوگ ایسا کرنے پر راضی نہ ہوں اُن سے اپنا تعلق ختم کر لیں۔ یہ حکمت عملی معروف کے قیام کی ایک کوشش کہی جائے گی۔ اور اگر مذہبی جماعتیں اور قائدین اس کی کوشش نہیں کرتے تو سمجھا جائے گا کہ اصلاح معاشرہ کا اُن کا سارا پروگرام صرف دکھاوا اور اپنی جماعت اور ادارے کی تشہیر کے سوا کچھ نہیں ہے۔ جائیداد کی شرعی تقسیم کی وجہ سے مسلم سماج سے بہت سی خرابیاں دور ہو جائیں گی اور مسلم سماج اللہ کی رحمت کا حقدار بنے گا جس کے سبب اُس کی بہت ساری مصیبتیں، پریشانیاں اور الجھنیں دور ہو جائیں گی۔

**مسلمانوں کی بد نصیبی**: جائیداد پر ناجائز قبضہ کرنے والا سمجھتا ہے کہ وہ فائدے میں ہے لیکن قرآن کہتا ہے کہ وہ تو جہنمی بن گیا۔ کیا کوئی نیک اور متقی مسلمان جائیداد کی وراثت میں بے ایمانی کر سکتا ہے؟ جو ایسا کرتا ہے وہ نہ مسلمان ہے نہ نیک ہے، جہنمی ہے۔ اس خاکسار کے سامنے کئی خاندان والوں نے شکایت کی کہ بڑے بھائی نے جائیداد پر قبضہ کر رکھا ہے بٹوارا کرنا ہی نہیں چاہتا اور جب تقاضہ کیا جاتا ہے تو کہتا ہے کہ جو کچھ اُس کے قبضے میں ہے وہ اُس کا ہے باقی حصہ میں تم لوگ بٹوارا کر لو، جب کہ جائیداد کے بہت بڑے اور اچھے حصے پر وہ خود قابض ہے۔ بڑا بھائی نمازی، حاجی اور نیک مسلمان سمجھا جاتا ہے۔ ایک مذہبی جماعت سے بھی جڑا ہوا ہے۔ میں اُنہیں بتاتا ہوں کہ آپ لوگ شریعت سے ناواقف ہیں، شریعت کے حکم کے مطابق والد کی موت کے بعد فوراً بٹوارہ کر لیتے تو یہ مسئلہ پیدا ہی نہیں ہوتا لیکن بے دین سماج کی واہیات رسم کی وجہ سے آپ نے سوچا کہ باپ کے مرنے کے بعد فوراً بعد جائیداد کی تقسیم کی بات کریں گے تو دنیا کیا کہے گی؟ آپ کو دنیا کا خیال رہا اور اللہ کے حکم کا خیال نہیں رہا۔ یہ اللہ کی نافرمانی کی سزا ہے جو آپ کو مل رہی ہے۔ اور آپ کے بڑا بھائی ویسا ہی مسلمان ہے، جیسے مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہنے والے منافق لوگ تھے جن کے جہنمی ہونے کا اعلان قرآن نے کیا ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی اکثریت اس ظلم اور ناانصافی کا شکار ہے۔ اللہ تعالیٰ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے اور ظلم و زیادتی کرنے سے منع کرتا ہے۔ وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ہے۔ لہٰذا اس وقت کا مسلم معاشرہ اپنے ان گناہوں کی وجہ سے طرح طرح کے عذاب میں مبتلا ہے۔ وہ اپنی دنیا سجانے اور سنوارنے میں لگا ہوا ہے لیکن اُس کو نہیں معلوم کہ اس کی بغاوت، سرکشی اور نافرمانی کی وجہ سے اُس کا خدا اُس کی دنیا بگاڑنے میں لگا ہوا ہے۔ جب اُس نے اپنے خدا کو ہی اپنا دشمن بنا لیا تو دنیا میں کون اُس کا بھلا کر سکتا ہے۔

**ایک غلط طریقہ**: ایک صاحب نے مجھ سے کہا کہ اُن کے گاؤں میں باپ کے مرنے کے بعد جائیداد کی باقاعدہ تقسیم نہیں کی جاتی اور لوگ خود بخود وارث بن جاتے ہیں۔ میں نے کہا کہ پہلی بات تو یہ کہ قاعدے سے اگر جائیداد تقسیم نہیں کی گئی تو کیسے پتا چلا کہ کون کتنے حصے کا حقدار ہے؟ دوسری بات یہ کہ جب جائیداد باقاعدہ تقسیم نہیں ہوئی نہیں، داخل خارج کا عمل ہوا ہی نہیں، جائیداد کے وثیقے (دستاویز) پر حصہ دار (مالک) کا نام چڑھا ہی نہیں تو وہ ترکے کا مالک کیسے بن گیا اور وہ اپنی جائیداد کسی کو بیچ کیسے سکتا ہے؟ اُنہوں نے کہا کہ ہمارے یہاں مدتوں سے ایسا ہی ہوتا چلا آ رہا ہے، اور ہم لوگ اپنی جائیداد یں وارث کی حیثیت سے خریدتے اور بیچتے ہیں۔

**معاملے کا ایک اور پہلو**: وراثت کی جو بے ایمانیاں کھلم کھلا ہر طرف ہو رہی ہیں، اُن کے متعلق بتایا گیا کہ وہ کھلم کھلا شریعت کی، اللہ کی، رسول کی، قرآن کی اور عدل و انصاف کی ان دیکھی اور بغاوت ہو رہی ہے۔ شریعت کی تھوڑی سی سمجھ رکھنے والا آدمی جانتا ہے کہ اللہ کی نافرمانی اور اللہ کے حکم سے بغاوت کرنے کے نتیجے میں شیطان جو اللہ کے دربار میں قریب ترین مقام رکھتا تھا، ہمیشہ کے لئے راندۂ درگاہ بنا دیا گیا اور قیامت تک اُس پر اللہ کی لعنت ہوتی رہے گی۔ وہ خود بھی جہنم میں جائے گا اور اپنے ساتھ اُن سارے لوگوں کو جہنم میں لے جائے گا جو اُس کی پیروی کرتے ہوئے اُس کے پیچھے چل رہے ہیں۔ اگر مذہبی فرقے کے رہنما اس مسئلے کو حل کرنے پر تیار نہیں ہیں، تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ دینی اور شرعی فرقے ہیں ہی نہیں، بلکہ صرف دنیا داری کا دھندہ کر رہے ہیں اور دین کے نام پر مسلمانوں کو بے وقوف بنا رہے ہیں۔

نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو آدمی کسی برائی کو دیکھے تو اُسے ہاتھ (یعنی طاقت) سے بدل دے اگر یہ نہ کر سکے تو زبان (یعنی عوام کی ہم نوائی) سے بدل دے اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو دل سے بدل دے (یعنی اس پر کڑھتا اور کراہتا رہے کہ کیسے موقع ملے کہ اس کو بدل دیں) اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے۔ (نسائی)

نبی ﷺ نے فرمایا: کسی قوم کا کوئی آدمی اُن کے درمیان گناہ کرتا ہو اور وہ اُسے روکنے کی طاقت رکھنے کے باوجود نہ روکیں تو اللہ تعالیٰ اُن کی موت سے پہلے اُن کو عذاب میں مبتلا کر دے گا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ) نبی ﷺ نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے تم ضرور نیک باتوں کا حکم دیتے رہنا اور بری باتوں سے روکتے رہنا ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر عذاب مسلط کر دے گا پھر تم دعا کرو گے مگر تمہاری دعا قبول نہیں ہوگی۔ (ترمذی)

8298104514

# یوگی آدتیہ ناتھ کے خلاف مبینہ توہین آمیز ای میل کیس: الہ آباد ہائی کورٹ نے ملزم کو ضمانت دی



پریاگراج: 17 ستمبر (پی این ایس) الہ آباد ہائی کورٹ نے اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے خلاف مبینہ طور پر توہین آمیز تبصرے پر مشتمل ای میل بھیجنے کے الزام میں گزشتہ تقریباً ڈھائی سال سے جیل میں بند ایک شخص کو ضمانت دے دی ہے۔ جسٹس کرشن پہل کی سربراہی والی بنچ نے مبارک علی کی ضمانت کی درخواست منظور کی۔ علی کے خلاف 2024 میں آئی پی سی کی دفعات 153A، 295A، 505 (2)، 504، 419، 420، 467، 468، 471 اور 120-B کے علاوہ انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکٹ کی دفعہ 66 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ استغاثہ کے مطابق، علی نے اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ کے خلاف ''توہین آمیز تبصرے'' پر مشتمل ای میل بھیجی تھی۔ الزام ہے کہ اس کا مقصد پولیس کی مخبر جنت النسا کے ساتھ اپنا معاملہ طے کرنا تھا۔ علی کے وکیل نے عدالت میں دلیل دی کہ انہیں جھوٹے مقدمے میں پھنسایا گیا ہے اور ان کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ بھی صرف ایک مقدمے تک محدود ہے۔ عدالت کو یہ بھی بتایا گیا کہ علی 20 مارچ 2024 سے جیل میں ہیں اور مقدمے کی سماعت انتہائی سست رفتاری سے آگے بڑھ رہی ہے۔ دوسری جانب ریاستی حکومت نے ضمانت کی درخواست کی مخالفت کی۔ ہائی کورٹ نے اس سے قبل مقدمے کی سماعت کی پیش رفت کی رپورٹ طلب کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق 23 جولائی 2026 تک صرف چار گواہوں کے بیانات قلم بند کیے گئے تھے، جبکہ چارج شیٹ میں درج 26 گواہوں کی گواہی ابھی باقی تھی۔

عدالت نے اس پس منظر میں کہا کہ اگر کسی ملزم کے حق میں ضمانت دینے کی دیگر شرائط پوری ہوتی ہیں تو محض اس کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ کی بنیاد پر اسے جیل میں نہیں رکھا جا سکتا۔ بنچ نے کہا کہ علی سے منسوب مجرمانہ تاریخ کی مناسب وضاحت کی گئی ہے۔ مقدمے کے حقائق، فریقین کے دلائل اور ریکارڈ پر موجود شواہد کو مدنظر رکھتے ہوئے عدالت نے ملزم کی جانب سے جیل میں گزارے گئے عرصے اور مقدمے کی سماعت کی رفتار کو بھی اہمیت دی۔ عدالت نے واضح کیا کہ اس نے مقدمے کے میرٹ پر کوئی رائے ظاہر نہیں کی ہے، تاہم موجودہ حالات میں درخواست گزار نے ضمانت کا معاملہ ثابت کیا ہے۔ چنانچہ ضمانت کی درخواست منظور کر لی گئی۔ عدالت نے حکم دیا کہ علی کو متعلقہ عدالت کی اطمینان کے مطابق ذاتی مچلکے اور اسی رقم کے دو ضامن پیش کرنے پر ضمانت پر رہا کیا جائے، تاہم ضامنوں کی تصدیق ضروری ہوگی۔ علی کو ہدایت دی گئی کہ وہ شواہد کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کریں، گواہوں کو متاثر یا دھمکانے کی کوشش نہ کریں اور جب بھی طلب کیا جائے ٹرائل کورٹ کے سامنے پیش ہوں۔ عدالت نے واضح کیا کہ ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی ضمانت منسوخ کیے جانے کی بنیاد بن سکتی ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ ضمانت دیتے وقت کی گئی اس کی مشاہداتی باتیں ''کسی بھی طرح ٹرائل جج کے اس حق کو متاثر نہیں کریں گی'' کہ وہ گواہوں کی گواہی کی بنیاد پر مقدمے کے بارے میں آزادانہ رائے قائم کرے۔

## پون یادو قتل معاملہ 24 گھنٹے میں ہی پولس نے کر لیا حل



پریاگراج: 17 ستمبر (پی این ایس) پولیس نے پریاگ راج کے ہنڈیا بازار میں سماجوادی پارٹی کے لیڈر اور گاؤں کے سابق پردھان پون کمار یادو کے سرعام قتل کا معاملہ 24 گھنٹے کے اندر ہی حل کر لیا۔ پولیس کے مطابق سیاسی دشمنی اور پرانی دشمنی کی وجہ سے گاؤں کے پردھان ونود یادو نے قتل کی سازش کی اور ہسٹری شیٹر جتیندر یادو عرف للا سے 5 لاکھ روپے کا معاہدہ کرنے کا وعدہ کیا۔ بدھ کو پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کر لیا تھا۔ ان میں گاؤں کے پردھان ونود یادو، کنٹراکٹ کلنگ کا ملزم، ہسٹری شیٹر جتیندر عرف للا، برجیش یادو، اور نہال احمد شامل ہیں۔ للا اور نہال کی گرفتاری کے دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں دونوں کو ٹانگ میں گولی لگی۔ انہیں علاج کے لیے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ ڈی سی پی گنگا نگر کلدیپ سنگھ گناوت نے پولیس لائنز میں قتل کیس کا انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ ونود یادو اور پون یادو پنچایت انتخابات کے بعد سے تنازعہ میں بند تھے۔ ایکشن اپڈیٹس دیکھیں پولیس کے مطابق، ونود کی گاؤں کی پردھان بیوی کو گاؤں کے آنگن واڑی سنٹر میں ای سی سی ای ایجوکیٹر کے طور پر کنٹریکٹ اپائنٹمنٹ ملی تھی۔ پون یادو نے اس پر اعتراض کیا۔ اس کے بعد ضلع مجسٹریٹ کے حکم پر خاتون کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ اس معاملے نے دونوں جماعتوں کے درمیان دشمنی کو مزید بڑھا دیا۔ جتیندر یادو عرف لالہ 2022 کے ششانک قتل کیس میں جیل میں وقت کاٹ چکے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اسے پون یادو پر شک تھا کہ وہ پولیس کو اطلاع دے رہا ہے۔ تقریباً ڈیڑھ ماہ قبل ونود اور للا نے پون کے قتل کی سازش رچی تھی۔ پولیس کے مطابق ونود نے للا سے قتل کے لیے 5 لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا تھا اور اسے ہتھیار خریدنے کے لیے 25 ہزار روپے دیے تھے۔ اس کے بعد للا نے بگھیا ہانڈیا کے رہنے والے برجیش یادو اور بھدوہی کے گیان پور کے رہنے والے نہال احمد کو 50،000 روپے دینے کا وعدہ کیا۔ تینوں افراد پون یادو کا کئی دنوں تک پیچھا کرتے رہے۔ منگل کی شام للا، برجیش اور نہال نے پون یادو کو ہنڈیا بازار میں موقع ملنے پر گولی مار دی۔

# مودی کی سالگرہ پر وارانسی میں خصوصی پوجا اور موٹر سائیکل سفر



وارانسی: 17 ستمبر (پی این ایس) وزیر اعظم نریندر مودی کی 76 ویں سالگرہ کے موقع پر وارانسی میں جمعرات کو کئی خصوصی پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر 76 نوجوان پجاریوں نے دریائے گنگا کے کنارے خصوصی پوجا کی اور مودی کی اچھی صحت اور لمبی عمر کی دعا کرتے ہوئے گنگا کا دودھ سے ابھیشیک کیا۔ مقامی بی جے پی رکن اسمبلی اور اتر پردیش کے سابق وزیر نیل کنٹھ تیواری کی قیادت میں منعقدہ مذہبی پروگرام میں 76 'بٹکوں' نے ویدک منتروں کے درمیان گنگا کے کنارے مذہبی رسومات ادا کیں۔ پجاریوں نے روایتی طریقے سے پوجا کی اور وزیر اعظم کی صحت، لمبی عمر اور فلاح و بہبود کے لیے دعا کی۔

پروگرام میں شریک کئی افراد کے ہاتھوں میں مودی کی تصاویر بھی نظر آئیں۔ مودی وارانسی سے لوک سبھا کے رکن ہیں۔ نیل کنٹھ تیواری نے کہا کہ مودی کی سالگرہ کو خدمت، روحانی عقیدت اور عوامی فلاح کے جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا، ''اسی سلسلے میں 76 بٹکوں نے ماں گنگا کا دودھ سے ابھیشیک کیا اور وزیر اعظم کی اچھی صحت اور لمبی عمر کے لیے دعا کی۔'' انہوں نے کہا کہ کاشی کی مذہبی اور روحانی روایات میں گنگا کو خاص مقام حاصل ہے۔ وزیر اعظم کی سالگرہ پر گنگا کی پوجا اور ان کی لمبی اور صحت مند زندگی کے لیے دعا شہر کی عقیدت اور روایات سے جڑی ہوئی ہے۔ وارانسی میں دن بھر کئی دیگر پروگرام بھی منعقد کیے جائیں گے۔ ان میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، مرکزی وزیر چراغ پاسوان، آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو، اتر پردیش بی جے پی کے صدر اور مرکزی وزیر مملکت برائے خزانہ پنکج چودھری سمیت کئی وزرا، ارکان اسمبلی اور دیگر عوامی نمائندوں کے شرکت کرنے کی توقع ہے۔ دن کے اہم پروگراموں میں 'سیوا سنکلپ' موٹر سائیکل سفر بھی شامل ہے، جو وارانسی سے گجرات کے وڈنگر تک جائے گا۔ وڈنگر وزیر اعظم مودی کی جائے پیدائش ہے۔ اس سفر کو وارانسی کے سگرا علاقے میں واقع رودراکش انٹرنیشنل کوآپریشن اینڈ کنونشن سینٹر سے روانہ کیا جائے گا۔ 'سیوا سنکلپ ابھیان' کے تحت تقریباً 500 افراد 250 موٹر سائیکلوں پر یہ سفر کریں گے۔ یہ مہم مودی کی 25 سالہ عوامی خدمت کے موقع پر منعقد کی جا رہی ہے۔ سفر کو راج ناتھ سنگھ اور یوگی آدتیہ ناتھ روانہ کریں گے۔ چندرا بابو نائیڈو، چراغ پاسوان، پنکج چودھری اور اتر پردیش کے نائب وزرائے اعلیٰ کیشو پرساد موریہ اور برجیش پاٹھک بھی پروگرام میں شرکت کریں گے۔ موٹر سائیکل سفر شروع ہونے سے پہلے اس میں شامل 51 سیوا رضا کار للتا گھاٹ پہنچیں گے اور گنگا جل لے کر کاشی وشوناتھ مندر جائیں گے، جہاں پوجا اور جل ابھیشیک کیا جائے گا۔ پروگرام میں ویدک منتر، 11 کنڈوں پر ہون، شرکا کا تلک، ڈمرو بجانے کی پیش کش اور سنتوں سے آشیرواد بھی شامل ہوگا۔

# کر رہا تھا منتیں بیٹوں سے لیکن بیٹیاں ☆ کام بوڑھے باپ کا دو دن میں سارا کر گئیں

## ندرت دربارِ ادب کی جانب سے شعری نشست



امروہہ (سید شیبان قادری) ندرت دربارِ ادب امروہہ کے زیر اہتمام ایک مخصوص شعری نشست ایوان انداز محلہ بگلہ میں منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت ڈاکٹر جمشید کمال نے فرمائی۔ نظامت کے فرائض نوجوان شاعر سید شیبان قادری نے انجام دیے۔ حبیب احمد ایڈوکیٹ، مرغوب صدیقی، قمر نقوی اور اقبال حیدر زینت مسند رہے۔ شعراء نے بہترین کلام پیش کر خوب داد و تحسین حاصل کی۔ شعراء کے منتخب اشعار پیش خدمت ہیں۔

جن کو ہے رشتوں کی قیمت کا احساس
اُن لوگوں کی بانہیں لمبی ہوتی ہیں
(ڈاکٹر جمشید کمال)

کر رہا تھا منتیں بیٹوں سے لیکن بیٹیاں
کام بوڑھے باپ کا دو دن میں سارا کر گئیں
(احمد رضا فراز)

مجھے داد دُنیا سے ایسی ملی
میں چھوٹا سا شاعر بڑا ہو گیا
(سید شیبان قادری)

دنیا کی محبت میں گرفتار ہیں ہم لوگ
دنیا کسی درویش کے پیروں میں پڑی ہے
(ڈاکٹر ناصر امروہوی)

سفر ہو تنہا تو دشواریاں بہت ہوں گی
یوں لازمی ہے مسافر پہ ہمسفر رکھنا
(نوازش نقوی)

اک حویلی ہے شہر میں مشہور
جس کے افراد محترم نکلے
(حبیب احمد ایڈوکیٹ)

کوچۂ عشق میں الزام سے وابستہ ہیں
کیا یہ کم ہے کہ ترے نام سے وابستہ ہیں
(انیس احمد)

ٹھوکر لگی تو گر گئے ہم خود زمین پر
کرنے لگے تھے باتیں جو ہم آسمان سے
(شاندار امروہوی)

جن کے قبضے میں پل نہیں ہوتے
اُن کے حصے میں کل نہیں ہوتے
(انداز امروہوی)

دل ٹوٹنے کے بعد ہوئے شاعر آپ بھی
اُردو بھی سیکھ لیجئے کچھ شاعری کے بعد
(نازش مصطفی)

دل مانگ لیا اُن سے بڑی بات کوئی ہے
اتنا سا مگر کام ہمارا نہیں ہوتا
(فیض عالم)


یوں ہنستے ہوئے مجھ سے کوئی بات نہ پوچھو
اس طنز سے بہتر ہے کہ حالات نہ پوچھو
(شاہ فضل)

اُستاد کی عظمت کو ترازو میں نہ تولو
اُستاد تو ہر دور میں انمول رہا ہے
(ڈاکٹر شہزاد رضا)

محفل میں ڈاکٹر جمشید کمال کی غزل کو انعام الرحمن نے اپنے مخصوص ترنم کے ساتھ پیش کیا۔ امداد عابدی نے غزل اور محفل کے حوالے سے بہترین گفتگو کی۔ محفل میں خالد صدیقی، شجر فاروق، اختر العباس گلزار امروہوی، دلشاد خان، ابسار صدیقی، امداد خاں لودی، وغیرہ کے علاوہ کافی تعداد میں لوگ موجود رہے۔

# نئی نسل اور نئے طالب علموں کے لیے A-I بہت ضروری ہے: پروفیسر صغیر افراہیم

## شعبۂ اردو سی سی ایس یونیورسٹی میں ''A-I اور روزگار'' موضوع پر آن لائن پروگرام کا انعقاد



میرٹھ 17 ستمبر 2026ء A-I محبت میں بھی کامیاب ہے۔ علم سے محبت، ملک سے محبت، فن سے محبت وغیرہ میں A-I کام کر رہا ہے۔ بہت سی یونیورسٹیز میں A-I کو لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ ادب میں بہت سے اخبارات اور پیپرس آن لائن آ رہے ہیں۔ A-I کے ذریعے بہت سی فلموں میں جو کام ہو رہا ہے وہ لائق تحسین ہے۔ عدلیہ کے بہت سے کام A-I انجام دے رہا ہے۔ اس ٹیکنالوجی کو اپ گریڈ کرنا ضروری ہے۔ یہ ٹیکنالوجی خدا کی نعمت ہے جو دو دھاری تلوار کی مانند ہے۔ یہ الفاظ تھے سابق صدر شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے پروفیسر صغیر افراہیم کے جو شعبۂ اردو اور ایوسا کے زیر اہتمام منعقد ''A-I اور روزگار'' موضوع پر اپنی صدارتی تقریر کے دوران ادا کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب ہم نئی چیزیں حاصل کریں گے تو ہمیں حوصلہ ملے گا۔ نئی جنریشن، نئی نسل اور نئے طالب علموں کے لیے A-I بہت ضروری ہے۔ A-I کے ذریعے ہمیں نئی اور جدید انداز میں چیزیں مل جائیں گی۔ میڈیا بھی A-I کی بدولت ایڈوانس ہوتی جا رہی ہے۔ اس سے قبل پروگرام کا آغاز سعید احمد نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ پروگرام کی سرپرستی معروف ناقد و افسانہ نگار اور صدر شعبۂ اردو پروفیسر اسلم جمشید پوری نے فرمائی اور صدارت کے فرائض معروف ادیب و ناقد پروفیسر صغیر افراہیم نے انجام دیے۔ مہمانان کے بطور عارف عمیر [ایم ڈی آف A-I متر، میرٹھ] [شبھرا وششٹھ] [بانی و چیئرپرسن آئی ٹی ہٹ، میرٹھ] [اور محمد اورنگ زیب] [سی ای او آف A-I متر، میرٹھ] نے شرکت فرمائی۔ مقرر کے بطور لکھنؤ سے ایوسا کی صدر پروفیسر ریشما پروین موجود رہیں۔ استقبالیہ کلمات محمد ندیم، نظامت اور شکریے کی رسم ڈاکٹر الکا وششٹھ نے ادا کی۔ پروگرام کا تعارف پیش کرتے ہوئے پروفیسر اسلم جمشید پوری نے کہا کہ آج کا موضوع بڑا منفرد ہے۔ یونیورسٹی اور کالجز کے طلباء کے لیے A-I اب ضروری قرار دیا جا رہا ہے۔ اے آئی سے ہم اپنے بہت سے کاموں کو آسان بنا سکتے ہیں۔ آج یہاں بہت سے A-I کے ایکسپرٹ موجود ہیں جو ہمیں بتائیں گے کہ ہم A-I سے کس طرح روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔ فلم اور مارکیٹ میں روز بروز A-I کا خاصا استعمال ہو رہا ہے۔ آج کل فیس بک اور وہاٹس ایپ بھی A-I سے بنائے جا رہے ہیں۔ A-I سے بہت سے روزگار حاصل ہو رہے ہیں۔ محمد اورنگ زیب نے کہا کہ آج کے دور میں A-I بہت ضروری ہے۔ A-I ایک ایسی چیز ہے جو سبھی کاموں کو آسانی سے کر سکتا ہے۔ A-I کے پاس جذبات موجود نہیں ہیں۔ یہ ایک ٹیکنالوجی ہے جو دو دھاری تلوار کی مانند ہے۔ ٹیکنالوجی ہماری خوبیوں میں اضافہ کرتی ہے A-I کے ذریعے ریسرچ کے کام کو بآسانی اکٹھا کر سکتے ہیں کانسٹی ٹیوشن کا تمام ڈاٹا A-I سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ بے روزگار ہیں تو A-I کے ذریعے اپنا روزگار تیار کر سکتے ہیں۔ ہمیں نہیں معلوم کہ آنے والے دس سالوں میں کیسا دور ہوگا۔ آج ہر کسی کو A-I کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ شبھرا وششٹھ نے کہا کہ یہ بہت اہم سوال ہے کہ ہمارے روزگار میں A-I ہماری کیسے مدد کر سکتا ہے۔ عصر حاضر میں ہمارے طالب علموں کی نالج میں مزید اضافہ کرنا ہوگا۔ اپنی اسکل کو بڑھانا ہوگا۔ ہمیں اپنے کاموں میں A-I کو شامل کرنا ہوگا۔ شاعری ہو یا نثری کام، ادب میں بھی تمام کنٹینٹس کو شامل کرنا ہوگا۔ A-I ہمارے الفاظ کو صحیح جگہ پر رکھ سکتا ہے۔ اپنی تھوڑی سی ریسرچ، تھوڑی سی کوشش اور تھوڑی سی دلچسپی سے A-I کا استعمال آپ کو زیادہ پہچان دے سکتا ہے۔ ترجمہ نگاری میں A-I کا بہت اہم کردار ہوتا ہے اگر آپ بہت ذہین اور قابل ہیں تو A-I کا استعمال آپ کے ہنر میں مزید اضافہ کر سکتا ہے۔ اپنے میدان کو چھوڑ کر A-I کے میدان میں جانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اپنے میدان میں A-I کو لے آئیے۔ A-I لفظ تو دے سکتا ہے مگر جذبات نہیں۔

## ہائی کورٹ کو جھوٹی رپورٹ دینے پر لیکھ پال کے خلاف مقدمہ

پرتاپ گڑھ: 17 ستمبر (پی این ایس) اتر پردیش کے پرتاپ گڑھ ضلع میں سرکاری زمین پر مبینہ قبضے سے متعلق ایک معاملے میں الہ آباد ہائی کورٹ کو جھوٹی رپورٹ بھیجنے کے الزام میں ایک لیکھ پال کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے یہ اطلاع دی۔ ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایسٹ) آلوک کمار نے بتایا کہ شہر کوتوالی علاقے کے شری کانت کا پوروا-سرائے ساگر علاقے میں تعینات لیکھ پال رام سنگھ کے خلاف منگل کی دیر رات مقدمہ درج کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ صدر تحصیل کے رہنے والے اشوک مشرا نے سرکاری زمین پر غیر قانونی قبضے کا الزام لگاتے ہوئے الہ آباد ہائی کورٹ میں عرضی دائر کی تھی۔ عدالت نے اس معاملے میں ضلع انتظامیہ سے جواب اور جانچ رپورٹ طلب کی تھی۔ عدالت کی ہدایت پر لیکھ پال رام سنگھ کو معاملے کی جانچ کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔ اس کے بعد 13 اگست کو ان کی رپورٹ ہائی کورٹ کو بھیجی گئی۔ پولیس افسر کے مطابق، ہائی کورٹ نے رپورٹ پر ناراضی ظاہر کرتے ہوئے معاملے کی دوبارہ جانچ کا حکم دیا۔ بعد میں انتظامیہ کی جانب سے کی گئی جانچ میں لیکھ پال رام سنگھ کی رپورٹ غلط پائی گئی۔

# رنجش کے سبب چار نوجوانوں نے معمر شخص کو مار پیٹ کر زخمی کیا



دیوبند، 17 /اگست (ڈاکٹر فیروز خان) دیوبند کے اپر ضلع جج دیوندر ناتھ سنگھ نے افضل ولد الطاف کو گائے کا گوشت فروخت کرنے کا ملزم قرار دیتے ہوئے اسے پانچ سال کی سخت جیل اور تین لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنائی ہے۔ سرکاری وکیل دیوی دیال شرما نے بتایا کہ گزشتہ 2 فروری 2022 کو ناگل تھانہ میں تعینات ایس آئی موہت کمار پولیس ٹیم کے ساتھ گشت کر رہے تھے اس دوران انہیں مخبر سے گائے کا فروخت ہونے کی اطلاع ملی، خبر ملتے ہی موقع پر پہنچی پولیس ٹیم نے پنڈولی روڑ پر واقع ایک میٹ کی دوکان سے 55 کلو گائے کا گوشت برآمد کرتے ہوئے افضل کو موقع سے گرفتار کر لیا تھا۔ مذکورہ معاملہ میں جج دیوندر سنگھ نے افضل کو قصوروار مانتے ہوئے پانچ سال کی سخت جیل اور تین لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنائی ہے، جرمانہ نہیں دینے پر اسے چھ ماہ کی اضافی جیل کاٹنی ہوگی۔ وہیں الیکشن کی رنجش کے سبب چار نوجوانوں نے معمر شخص کو مار پیٹ کر زخمی کر دیا۔ دوپہر کے وقت تھانہ دیوبند پہنچے کھجوری گاؤں کے رہنے والے متاثرہ دھرم سنگھ نے بتایا کہ 10 ستمبر کو گاؤں کے چار نوجوانوں نے گاؤں پردھانی کے انتخاب سے متعلق رنجش کی وجہ سے اسے راستے میں روک کر اس کے ساتھ مار پیٹ شروع کر دی۔ متاثرہ نے بتایا کہ وہ گزشتہ چھ روز سے ملزمان کے خلاف کارروائی کے لیے تھانے کے چکر لگا رہا ہے لیکن ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو رہی۔ وہیں دیوبند کوتوالی انچارج سندیپ بالیان نے کہا کہ یہ معاملہ ان کے علم میں نہیں ہے۔ متاثرین سے ملاقات اور تحقیقات کے بعد کارروائی کی جائے گی۔

# وشوکرما جینتی پر این ٹی پی سی ٹانڈہ میں خصوصی تقریب



ٹانڈہ/امبیڈکر نگر (نامہ نگار) این ٹی پی سی ٹانڈہ میں جمعرات 17 ستمبر کو وشوکرما جینتی کے موقع پر عقیدت و احترام کے ساتھ پوجا کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر اسٹیج-1 کے فائر اسٹیشن احاطے میں دوپہر 12 بجے سے خصوصی بھنڈارے کا انعقاد ہوا۔ جس میں پروجیکٹ چیف راجیو کمار سنہا سمیت تمام جنرل منیجر، اعلیٰ افسران، ملازمین اور کنٹریکٹ مزدوروں نے شرکت کی۔ پوجا کے بعد حاضرین نے پرساد اور بھنڈارے کا لطف اٹھایا۔ اس موقع پر راجیو کمار سنہا نے سب کو وشوکرما جینتی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کام کی جگہ پر حفاظت اور بہترین کارکردگی برقرار رکھنے کا پیغام دیا۔

# چتورا جھیل پر وزیر اعظم کی سالگرہ منائی گئی



بہرائچ۔ ضلع میں ملک کے وزیر اعظم نریندر مودی کے یوم پیدائش کے موقع پر ایم پی آنند کمار گوڑ نے ترقیاتی بلاک چتوڑہ میں واقع سہیل دیو میموریل سائٹ چتورا جھیل پر ہزاروں چراغ جلا کر اور کیک کاٹ کر وزیر اعظم کی سالگرہ منائی۔ آج سے 17 اکتوبر 2026 تک ضلع میں منعقد ہونے والے سیوا سنکلپ ابھیان کے آغاز کے موقع پر جس کا مقصد ملک کی 25 سال کی مسلسل خدمت کی عوامی فلاحی کامیابیوں کو عوام تک پہنچانا اور ہر شہری کو ترقی یافتہ ہندوستان-2047 کے اجتماعی قومی عزم سے جوڑنا ہے، ایم پی آنند گاؤ کمار نے کہا کہ وزیر اعظم آنند گاؤ کمار نے کہا کہ ملک کے عوام کی فلاح و بہبود کی کامیابیوں کو عوام تک پہنچانا چاہیے۔ ان کی 76 ویں سالگرہ پر بھی ملک اور اہل وطن کا احترام کرتے ہیں۔ آج بھی سب کا ساتھ سب کا وکاس، سب کا روزگاران کا بنیادی مقصد ہے اور مرکزی اور ریاستی حکومتیں اس پر مسلسل کام کر رہی ہیں۔ اس میں ایم ایل اے پدمسین چودھری، پرشوتم جیسوال، چیف ڈیولپمنٹ آفیسر سنیل کمار دھنونتا، نوڈل آنند کمار شکلا، ڈسٹرکٹ شوگر کین آفیسر، بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر انوشکا سریواستو، اے ڈی او آئی ایس بی ستیہ ورت سریواستو کے قائدین، کارکنان، افسران اور ملازمین بشمول آشتوش مشرا، یوگیندر سریواستا، یوگیندر سریواستا، یوگیندر سریواستو، افسران اور ملازمین موجود تھے۔

# ایشا خان نے نواز گرلز پبلک اسکول دیوبند کے وقار میں کیا اضافہ

## ہماری بیٹیاں جب قومی سطح پر کامیابی حاصل کرتی ہیں تو وہ ہمارے لئے فخریہ لمحات ہوتے ہیں: ڈاکٹر نواز دیوبندی



دیوبند، 17 /اگست (ڈاکٹر فیروز خان) نواز گرلز پبلک اسکول کی سابق طالبہ ایشا خان نے نرسنگ آفیسر ریکروٹمینٹ کے مشترکہ اہلیتی امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کر کے رائے بریلی کے ایمس اسپتال میں نرسنگ آفیسر کے عہدہ پر منتخب ہو کر اپنے والدین، اسکول اور اساتذہ کا نام روشن کرنے کا کام کیا ہے۔ ادارہ کی پرنسپل ڈاکٹر فوزیہ خان نے بتایا کہ ایشا خان نے نواز گرلز پبلک اسکول سے سال 2020 میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا تھا۔ اس کے بعد اپنی مسلسل محنت تعلیمی جدو جہد اور اپنی منزل کو پانے کے لیے انہوں نے نرسنگ آفیسر ریکروٹمینٹ کے مشترکہ اہلیتی امتحان NORCET میں شاندار کامیابی حاصل کی تھی جس کے بعد وہ بطور نرسنگ آفیسر رائے بریلی کے ایمس اسپتال میں فائز کی گئیں۔ ایشا خان کی اس کامیابی پر نہ صرف اس کے والدین اور خاندان کو بلکہ نواز گرلز پبلک اسکول، اس کے ذمہ داران اور اساتذہ کے ساتھ ساتھ دیوبند کا نام بھی روشن کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایشا خان نے اپنی منزل کو سامنے رکھ کر سخت محنت کی اور بہترین کامیابی حاصل کی جو ہم سب کے لئے اور خصوصی طور پر ادارہ کی طالبات کے لیے قابل تقلید ہے۔ فوزیہ خان نے کہا کہ ایشا خان کی یہ کامیابی ہم سب کے لیے اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر مقصد واضح ہو تو محنت، ایمانداری اور مکمل یقین کے ساتھ اس کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ادارہ کے بانی و سرپرست ڈاکٹر نواز دیوبندی نے ایشا خان کو ان کی اس شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ جب بیٹیاں اپنی سخت محنت و لگن سے قومی سطح پر اپنی پہچان بناتی ہیں تو یہ ہم سب کے لئے نہایت فخر کے لمحات ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایشا خان نے یہ کامیابی حاصل کر کے ثابت کیا ہے کہ ہماری بیٹیوں میں محنت اور لگن کی کوئی کمی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایشا خان کی یہ کامیابی ادارہ کی طالبات کے لیے بھی قابل تقلید بنے گی۔ ڈاکٹر نواز دیوبندی نے امید ظاہر کی کہ ایشا خان نرسنگ آفیسر کے طور پر خدمت خلق کے جذبہ سے شاندار عوامی خدمات انجام دیں گی، نواز گرلز پبلک اسکول کے اساتذہ، ذمہ داران اور طالبات نے ایشا خان کو ان کی اس کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔

# ٹیچر پر طالب علم کو بے رحمی سے پیٹنے اور جنسی اعضا میں لاتیں مارنے کا الزام

## زخمی طالب علم اسپتال میں داخل، اہل خانہ کی ملزم ٹیچر کے خلاف پولیس میں شکایت



بلند شہر 17 ستمبر (پریس ریلیز) شکار پور قصبہ کے امبیڈکر نگر علاقے سے ایک چونکا دینے والا واقعہ سامنے آیا ہے۔ ایک اسکول ٹیچر پر 7 ویں جماعت کے ایک نابالغ طالب علم کے ساتھ وحشیانہ مار پیٹ کرنے اور اسے شدید زخمی کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ ملزم ٹیچر پر طالب علم کو جنسی اعضا میں لاتیں مارنے سے بچے کی حالت خراب کرنے کا بھی الزام ہے۔ متاثرہ کے والد نے پولیس میں شکایت درج کراتے ہوئے انصاف اور قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق امبیڈکر نگر محلہ کے ساکن منوہر لال کنٹریکٹر کے بیٹے انل کمار کا نابالغ بیٹا ریتک قصبہ کے شمبھوناتھ انٹر کالج میں ساتویں کلاس کا طالب علم ہے۔ واقعے کے دن ریتک اپنی کلاس میں پڑھ رہا تھا، جہاں چرن سنگھ نامی ٹیچر ریاضی پڑھا رہا تھا۔ متاثرہ کے اہل خانہ کا الزام ہے کہ بچہ استاد کے پڑھائے جانے والے مضمون کو نہیں سمجھ سکا۔ ریتک نے اس کا تذکرہ اسکول کے ایک اور ٹیچر سے کیا۔ جب ٹیچر کو اس بات کا علم ہوا تو اس نے مبینہ طور پر غصے میں آ کر طالب علم کے ساتھ مار پیٹ کی۔ شدید چوٹوں کی وجہ سے بچے کو ناقابل برداشت درد ہوا اور اس کی حالت خراب ہونے لگی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی اہل خانہ فوراً اسکول پہنچے اور بچے کو قریبی اسپتال میں داخل کرایا جہاں اس کا علاج جاری ہے۔ اس واقعہ کے بعد متاثرہ کے اہل خانہ نے اسکول پرنسپل سے ملاقات کی اور ملزم ٹیچر کے خلاف شکایت کی۔ الزام ہے کہ پرنسپل نے متاثرہ لڑکے کی حمایت کرنے کے بجائے ٹیچر کی حمایت لی اور مبینہ طور پر انہیں کہیں بھی شکایت کرنے کی دھمکی دی۔

# دستکاروں کو بہتر آلات فراہم کر اپنے روایتی پیشوں کو آگے بڑھانے کی ترغیب دی

## ضلع پنچایت آڈیٹوریم میں وشوکرما شرمک سمان دیوس کے موقع پر مستحقین میں ٹول کٹس تقسیم کیں



بلند شہر 17 ستمبر (پریس ریلیز) ضلع پنچایت کے میٹنگ ہال میں وشوکرما شرمک سمان دیوس کے موقع پر وشوکرما شرمک سمان یوجنا کے تحت منتخب اور تربیت یافتہ مستفیدین کو ضلع پنچایت چیئرمین ڈاکٹر انتل تیوتیا، ایم ایل اے لکشمی راج سنگھ اور چیف ڈیولپمنٹ آفیسر نشا گریوال کے ہاتھوں ٹول کٹس تقسیم کی گئیں۔ اس پروگرام کا مقصد روایتی کاریگروں اور دستکاروں کو ان کے پیشے سے متعلق جدید اور کارآمد اوزار فراہم کر کے ان کی مہارت کو تقویت دینا، خود روزگار کو فروغ دینا اور آمدنی میں اضافے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ وشوکرما شرمک سمان یوجنا کے تحت مختلف روایتی پیشوں سے وابستہ اہل مستفید افراد کو ان کے متعلقہ تجارت کے مطابق تربیت اور ٹول کٹس فراہم کی جاتی ہیں، جس سے وہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر طریقے سے استعمال کرنے اور خود روزگار کے قیام کے قابل بناتے ہیں۔ پروگرام میں موجود عوامی نمائندوں نے مستحقین میں ٹول کٹس تقسیم کیں اور انہیں جدید ٹیکنالوجی اور بہتر آلات کے ساتھ اپنے روایتی پیشوں کو آگے بڑھانے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر عوامی نمائندوں نے کہا کہ ریاستی حکومت روایتی کاریگروں اور دستکاروں کو بااختیار بنانے، انہیں خود انحصاری فراہم کرنے اور ان کے ہنر کی پہچان اور مارکیٹ فراہم کرنے کے لیے مختلف اسکیمیں نافذ کر رہی ہے۔ وشوکرما شرمک سمان یوجنا اس سمت میں ایک اہم اقدام ہے۔ پروگرام کے دوران استفادہ کنندگان کو اسکیم کے تحت فراہم کی جانے والی ٹریننگ، ٹول کٹس اور دیگر سہولیات کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ اس حکومتی اقدام پر اپنی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے استفادہ کنندگان نے کہا کہ ٹول کٹس حاصل کرنے سے ان کے کام میں آسانی اور معیار میں بہتری آئے گی اور انہیں خود روزگار کے ذریعے اپنی روزی روٹی کو مضبوط کرنے کے مواقع فراہم ہوں گے۔ پروگرام کے دوران بتایا گیا کہ ضلع میں وشوکرما شرمک سمان یوجنا کے فوائد کو مستحق اور ضرورت مند دستکاروں تک پہنچانے کو یقینی بنانے کے لیے محکمانہ سطح پر مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں۔

